فہرست

فہرست

☆درود شریف سے مشکلات کا حل

عرضِ مؤلف

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم
امابعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا مرض پیدا نہیں کیا جس کا علاج عطا نہ کیا گیا ہو۔ پاک پروردگار نے ہر مرض کا علاج ہمیں عطا فرمایا ہے۔ اب بندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس علاج تک پہنچ کر اپنی بیماریاں اور مشکلات دور کریں۔ قرآن مجید کی آیات، احادیث رسول ﷺ میں موجود دعائیں صبح قیامت تک مسلمانوں کے لئے شفا ہیں لہذا ہمیں چاہئے کہ ہم اِدھراُدھر دوڑنے کے بجائے قرآن وحدیث کی طرف اپنا رخ کریں۔ ہمارے آقا ومولیٰ نوروالے مصطفی ﷺ نے ہمیں ایسے ایسے علاج عطا فرمائے ہیں کہ آج جدید تحقیق کرنے والے دنیا بھر کے بڑے بڑے ڈاکٹرز اور ریسرچ کرنے والے بھی حیران ہیں۔

زیرِ نظر کتاب میں قرآن مجید، اسماءِ حسنیٰ دعاؤں اور درودِ پاک سے پانچ سو (500) بیماریوں، پریشانیوں اور مشکلات کا حل پیش کیا گیا ہے۔ ہر دعا اور عمل کی آپ کو اجازت ہے مگر باوضو کریں اور طہارت و پاکیزگی کا خاص خیال رکھ کر ہر عمل کریں پھر دیکھئے کس طرح اس کی برکتیں ظاہر ہوتی ہیں اور کوشش کریں کہ اپنے دوسرے مسلمانوں تک بھی اسے پہنچائیں تاکہ ان کی بھی مشکلات آسان ہوں۔

خوشی اور غمی کے مواقع پر اس کتاب کو تقسیم کریں تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچے۔

کتاب سے بڑھ کر کوئی شئے اہم نہیں۔

اللہ تعالیٰ اس کتاب کو تمام مسلمانوں کے لئے نفع بخش بنائے، گھر گھر یہ کتاب پہنچے اور لوگ اسے پڑھ کر عمل کریں اور مشکلات سے نجات پائیں۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام

محمد شہزاد قادری ترابی

99اسماء حسنیٰ اور ان کے فضائل

ہرورد کے اول وآخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے۔فائدہ ظاہر نہ ہونے کی صورت میں شکوہ کرنے کے بجائے اپنی کوتاہیوں کی شامت تصور کیجئے اور اللہ عزوجل کی مصلحت پر نظر رکھئے۔

1۔یَا اَللّٰہُ

جو ہر نماز کے بعد 100 بار پڑھے'ان شاءاللہ عزوجل اس کا باطن کشادہ ہوجائے گا

2۔ھُوَ اللّٰہُ الرَّحِیْمُ

جو ہر نماز کے بعد 7 بار پڑھ لیا کرے گا ان شاءاللہ عزوجل شیطان کے شر سے بچا رہے گا اوراس کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

3۔یَاقُدُّوْسُ

کا جو کوئی دوران سفر ورد کرتا رہے ان شاءاللہ عزوجل تھکن سے محفوظ رہے گا۔

4۔یَارَحْمٰنُ

جوکوئی صبح کی نماز کے بعد 298 بار پڑھے گا' خداوند عزوجل اس پر بہت رحم کرے گا۔ان شاءاللہ عزوجل

5۔یَارَحِیْمُ

جو کوئی ہر روز 500 بار پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل دولت پائے گا اور مخلوق اس پر

مہربان اور شفیق ہوگی۔

6-یَامَلِکُ

90بار جو غریب و نادار روزانہ پڑھا کرے' ان شاء اللہ عزوجل غربت سے نجات پائے گا۔

7-یَاسَلَامُ

111 بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے ان شاء اللہ عزوجل شفا حاصل ہوگی

8- یَامُؤْمِنُ

جو 115 بار پڑھ کر اپنے او پر دم کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل تندرستی پائے گا

9-یَامُھَیْمِنُ

29بار روزانہ پڑھنے والا ان شاء اللہ عزوجل ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا۔

10-یَاعَزِیْزُ

41بار حاکم یا افسر وغیرہ کے پاس جانے سے قبل پڑھ لیجئے' ان شاء اللہ عزوجل وہ حاکم یا افسر مہربان ہو جائے گا۔

11-یَاجَبَّارُ

جو اس کا مسلسل ورد رکھے گا' اپنی غیبت سے ان شاء اللہ عزوجل بچا رہے گا۔

12-یَامُتَکَبِّرُ

21بار روزانہ پڑھ لیجئے' ڈراؤنے خواب آتے ہوں گے تو ان شاء اللہ عزوجل خواب میں

نہیں ڈریں گے۔(مدت علاج: تاحصول شفاء)

یَامُتَکَبِّرُ زوجہ سے ''ملاپ'' سے قبل 10 بار پڑھ لینے والا ان شاء اللہ عزوجل نیک بیٹے کا باپ بنے گا۔

13۔یَاخَالِقُ

جو 300 بار پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل اس کا دشمن مغلوب ہوگا۔

14۔یَابَارِئُ

10 بار جو کوئی ہر جمعہ کو پڑھ لیا کرے' ان شاء اللہ عزوجل اس کو بیٹا عطا ہوگا۔

15۔یَامُصَوِّرُ

جو بانجھ عورت سات روزے رکھے اور افطار کے وقت 21 بار یَامُصَوِّرُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے' اللہ تعالیٰ اس کو نیک بیٹا عطا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل

16۔یَاغَفَّارُ

جو اسے ہمیشہ پڑھا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل نفس کی بری خواہشات سے چھٹکارا پائے گا۔

17۔یَاقَهَّارُ

100 بار اگر کوئی مصیبت آ پڑے تو سومرتبہ پڑھئے' ان شاء اللہ عزوجل مشکل آسان ہوگی

18۔یَاوَهَّابُ

7 بار جو روزانہ پڑھا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل مستجاب الدعوات ہوگا۔(یعنی ہر دعا

قبول ہوا کرے گی)

19-یَارَزَّاقُ

جو فجر کے فرض وسنت کے درمیان 41دن تک 550بار پڑھے‘ ان شاء اللہ عزوجل دولت مند ہوگا۔

20-یَافَتَّاحُ

70بار جوروزانہ بعد نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر پڑھا کرے گا‘ ان شاء اللہ عزوجل اس کے دل کا زنگ ومیل دور ہوگا۔

یَا فَتَّاحُ 7بار جوروزانہ (کسی بھی دن میں ایک مرتبہ) پڑھا کرے گا‘ ان شاء اللہ عزوجل اس کا دل روشن کرے گا۔

21-یَاعَلِیْمُ

جوکوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا‘ اللہ تعالیٰ اس کو دین ودنیا کی معرفت عطا فرمائے گا‘ ان شاء اللہ عزوجل

22-یَاقَابِضُ

30بار جو ہر روز پڑھا کرے‘ ان شاء اللہ عزوجل وہ دشمن پر فتح پائے گا۔

23-یَابَاسِطُ

جو 40بار پڑھے‘ ان شاء اللہ عزوجل خلق سے بے پرواہ ہوگا۔

24-یَاخَافِضُ

جو کوئی اسے 500 بار پڑھ لے ان شاء اللہ عزوجل دشمن سے امان میں رہے گا۔

25-یَارَافِعُ

20 بار جو روزانہ پڑھا کرے گا ان شاء اللہ عزوجل اس کی مراد پوری ہوگی۔

26-یَامُعِزُّ

جو کوئی اسے بعد نماز عشاء شب جمعہ 140 بار پڑھے، مخلوق کی نظر میں اس کی عزت و حرمت اور ہیبت بڑھے گی۔ ان شاء اللہ عزوجل

27-یَاحَکَمُ

جو پانچوں وقت ہر نماز کے بعد 80 بار پڑھ لیا کرے، کسی کا محتاج نہ ہوگا، ان شاء اللہ عزوجل

28-یَابَصِیْرُ

7 بار جو کوئی روزانہ بوقت عصر (یعنی ابتدائے وقت عصر تا غروب آفتاب کسی بھی وقت) پڑھ لیا کرے گا، ان شاء اللہ عزوجل اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔

29-یَاسَمِیْعُ

100 بار جو روزانہ پڑھے اور اس دوران گفتگو نہ کرے اور پڑھ کر دعا مانگے، ان شاء اللہ عزوجل جو مانگے گا، پائے گا۔

30-یَامُذِلُّ

جو کوئی 75 بار پڑھ کر سجدہ کرے اور کہے یا الٰہی عزوجل فلاں ظالم کے شر سے مجھے محفوظ

رکھ۔اللہ تعالیٰ اسے امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ان شاءاللہ عزوجل

31-یَاعَدْلُ

جوکوئی مغرب کی نماز کے بعد 1000 بار پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل آسمانی بلاؤں سے نجات پائے گا۔

32-یَالَطِیْفُ

بیٹیوں کے نصیب کھلنے اور امراض سے صحت اور مشکلات سے نجات کے لئے ہرروز تحیۃ الوضوء کے بعد 100 بار پڑھ لیا کرے۔

33-یَاخَبِیْرُ

جوکوئی نفس امّارہ کے ہاتھ گرفتار ہوتو ہرروز وظیفہ کرلیا کرے' ان شاء اللہ عزوجل نجات پائے گا۔

34-یَاحَلِیْمُ

جوکوئی اس کو کاغذ پر لکھ کر پھر اس کو دھو دے اور اپنی کھیتی پر چھڑک دے' ان شاء اللہ عزوجل زراعت ہر آفت سے حفاظت میں رہے گی۔

35-یَاعَظِیْمُ

جو 7 دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے پانی پی لے' ان شاءاللہ عزوجل اس کے پیٹ میں درد نہ ہو۔

36-یَاغَفُوْرُ

جس کو دردِ سر یا کوئی بیماری یا غم پیش آ جائے' 3 بار یا غَفُوْرُ کی مقطعات لکھ کر (یعنی اس اسم پاک کو کاغذ پر لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کر لے اور) کھالے' ان شاء اللہ عزوجل شفاء پائے گا۔

37۔یَا شَکُوْرُ

جو کوئی 5000 بار روز پڑھا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل قیامت کے دن بلند مرتبہ ہوگا۔

38۔یَا عَلِیُّ

جو ورم (یعنی سوجن) پر 3 بار پڑھ کر دم کرے' ان شاء اللہ عزوجل صحت پائے گا۔

39۔یَا کَبِیْرُ

جو 9 دفعہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے' ان شاء اللہ عزوجل صحت یاب ہو جائے گا۔

40۔یَا حَفِیْظُ

جو 16 بار ہر روز پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل ہر طرح بہادر رہے۔

41۔یَا مُقِیْتُ

جس کی آنکھ سرخ ہو اور درد کرے' 10 بار پڑھ کر دم کر لے۔

42۔یَا حَسِیْبُ

جو ہر روز 70 بار پڑھے گا' ان شاء اللہ عزوجل ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

43۔ یَا جَلِیْلُ

10 بار پڑھ کر جو اپنے مال و اسباب اور رقم وغیرہ پر دم کر دے' ان شاء اللہ عزوجل چوری

سے محفوظ رہے گا۔

44-یَا کَرِیْمُ

اگر اپنے بستر میں اس کو پڑھتے پڑھتے سوجائے تو فرشتے اس کے لئے دعا کریں گے۔ان شاءاللہ عزوجل

45-یَا رَقِیْبُ

جو کوئی پھوڑے' پھنسی پر 3 بار پڑھ کر پھونک دے گا' ان شاء اللہ عزوجل شفا حاصل ہوگی۔

46-یَا مُجِیْبُ

جو کوئی 3 بار پڑھ کر دم کرے گا' ان شاءاللہ عزوجل دردِ سر دور ہوگا۔

47-یَا وَاسِعُ

جس کو بچھو کاٹ لے' وہ 70 بار پڑھ کر دم کرے' ان شاءاللہ عزوجل زہر اثر نہ کرے گا۔

48-یَا حَکِیْمُ

80 بار جو روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھ لیا کرے' ان شاءاللہ عزوجل کسی کا محتاج نہ ہو۔

49-یَا وَدُوْدُ

اس اسم کو 1000 بار کھانے پر پڑھ کر جس جانب سے ناموافقت ہو' اسے کھلا دیں' ان شاءاللہ عزوجل دشمنی ختم ہوجائے گی۔

50-یَامَجِیْدُ

جوگرمیوں میں اسے پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل پیاس سے امن میں رہے گا۔

51-یَابَاعِثُ

جوکوئی 7بار پڑھ کراپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے' ان شاءاللہ عزوجل حاکم مہربان ہو۔

52-یَاشَہِیْدُ

21بار صبح (طلوع آفتاب سے پہلے پہلے) نافرمان بچے یا بچی کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کرکے جوپڑھے' ان شاءاللہ عزوجل اس کاوہ بچہ یا بچی نیک بنے۔

53-یَاحَقُّ

اگرقیدی آدھی رات کو ننگے سر 108بار پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل قید سے رہائی پائے گا۔

54-یَاوَکِیْلُ

7بار جو روزانہ عصر کے وقت پڑھ لیا کرے' ان شاءاللہ آفت سے پناہ پائے۔

55-یَاقَوِیُّ

اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں بہت پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل نسیان (یعنی بھولنے کا مرض) جاتارہے گا۔

56-یَامَتِیْنُ

جس بچے کا دودھ چھڑا دیا گیا ہوٗ اسے کاغذ پر لکھ کر پلا دیں، تسکین ہوگی اور ماں کا دودھ کم ہو تو اسی اسم پاک کو لکھ کر پلا دیں، دودھ زیادہ ہوگا۔

57-یَاوَلِیُّ

جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا، ان شاء اللہ عزوجل اس کی زوجہ اس کی فرمانبرار ہو جائے گی۔

58-یَاحَمِیْدُ

90 بار جس کی گندی باتوں کی عادت نہ جاتی ہوٗ وہ پڑھ کر کسی خالی پیالے یا گلاس میں دم کردے۔ حسب ضرورت اسی میں پانی پیا کرے، ان شاء اللہ عزوجل فحش گوئی کی عادت نکل جائے گی۔ (ایک بار کا دم کیا ہوا گلاس کئی دنوں تک چلا سکتے ہیں)

59-یَامُحْیِی

7 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیجئے، گیس ہو یا پیٹ یا کسی بھی جگہ درد ہو یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہوٗ ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہوگا۔ (مدت علاج: تا حصول شفاء روزانہ کم از کم ایک بار)

60-یَامُمِیْتُ

7 بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کیجئے، ان شاء اللہ عزوجل جادو اثر نہیں کرے گا۔

61-یَاحَیُّ

جو کوئی بیمار ہو' اس اسم کو 100 بار پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل صحت پائے گا۔

62-یَا قَیُّوْمُ

صبح کے وقت جو کوئی اس کو کثرت سے پڑھے گا' ان شاء اللہ عزوجل صحت پائے گا۔

63-یَا وَاجِدُ

جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالہ پر پڑھا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور ہوگا' اور بیماری دور ہوگی۔

64-یَا مَاجِدُ

10 بار پڑھ کر شربت وغیرہ پر دم کر کے جو پی لیا کرے' ان شاء اللہ عزوجل بیمار نہ ہوگا۔

65-یَا وَاحِدُ

1001 بار' جس کو اکیلے میں ڈر لگتا ہو' تنہائی میں پڑھ لے' ان شاء اللہ عزوجل اس کے دل سے خوف جاتا رہے گا۔

66-یَا اَحَدُ

جو کوئی اس اسم کو 9 مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے' ان شاء اللہ عزوجل عزت اور سرفرازی پائے گا' جو تنہا اسے ہزار بار پڑھے گا' نیک بن جائے گا' ان شاء اللہ عزوجل

67-یَا صَمَدُ

جو اسے 1000 بار پڑھے گا' ان شاء اللہ عزوجل دشمن پر فتح پائے گا

68-یَا قَادِرُ

جو وضو کے دوران ہر عضو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنالے' ان شاء اللہ عزوجل دشمن اس کو اغوا نہیں کر سکے گا۔

یَاقَادِرُ 41 بار مشکل آپڑے تو پڑھ لیجئے' ان شاء اللہ عزوجل آسانی ہو جائے گی۔

69۔یَامُقْتَدِرُ

20 بار جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل رحمتوں کے سائے میں رہے گا

یَامُقْتَدِرُ 20 بار جو نیند سے بیدار ہو کر پڑھ لیا کرے گا' اس کے ہر کام میں مدد الٰہی شامل رہے گی۔

70۔یَامُقَدِّمُ

جو جنگ یا کسی خوف کی جگہ پر بے چینی کی حالت میں ہو تو وہ اس اسم مبارک کی کثرت کرے۔

71۔یَامُؤَخِّرُ

100 بار ہر روز پڑھنے والے کے ان شاء اللہ عزوجل سب کام پورے ہوں گے۔

72۔یَااَوَّلُ

جو 100 بار روزانہ پڑھ لیا کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل اس کی زوجہ اس سے محبت کرے گی۔

73۔یَاآخِرُ

جو کسی جگہ جائے اور اس اسم پاک کو پڑھ لے' ان شاء اللہ عزوجل وہاں عزت وتوقیر پائے

گا۔

74-یَاظَاھِرُ

گھر کی دیوار پر لکھ لیجئے' ان شاء اللہ عزوجل دیوار سلامت رہے گی۔

75-یَابَاطِنُ

جو کسی کو امانت سونپے یا زمین میں دفن کرے تو یَابَاطِنُ لکھ کر اس شے کے ساتھ رکھ دے' ان شاء اللہ عزوجل کوئی اس میں خیانت نہ کر سکے گا۔

76-یَاوَالِی

جو کوئی کورے پیالے پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کی دیواروں پر چھڑکے تو ان شاء اللہ عزوجل وہ گھر آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ چھڑکنے میں احتیاط رہے کہ پانی زمین پر نہ گرے

77-یَامُتَعَالِی

مشکل ترین کاموں کے لئے اس کی کثرت بے حد مفید ہے۔

78-یَابَرُّ

جو شخص 7 مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کر کے اللہ تعالیٰ کی سپردگی میں دے دے' بالغ ہونے تک ان شاء اللہ عزوجل وہ بچہ بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

79-یَاتَوَّابُ

جو کوئی چاشت کی نماز کے بعد 360 بار اس کو پڑھے گا' اللہ تعالیٰ اس کو سچی توبہ نصیب فرمائے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

80-یَا مُنْتَقِمُ

دشمن کو دوست بنانے کے لئے تین جمعہ تک اس کو کثرت سے پڑھئے۔

81-یَا عَفُوُّ

جس کے گناہ بہت ہوں' وہ اس اسم پاک کی کثرت کرے' اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کے تمام گناہ بخش دے گا۔

82-یَا رَءُوْفُ

جو کسی مظلوم کا کسی ظالم سے پیچھا چھڑانا چاہے' دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے پھر اس ظالم سے بات کرے' ان شاء اللہ عزوجل وہ ظالم اس کی سفارش قبول کرے گا۔

83-یَا مَالِكَ الْمُلْكِ

جو اس کی کثرت کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل خوشحال ہوگا۔

84-یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اس کی کثرت سے خوشحالی نصیب ہوگی۔ اس کے ساتھ دعا کرنے سے دعا قبول ہوگی۔ ان شاء اللہ عزوجل

85-یَا مُقْسِطُ

شیطانی وسوسوں سے بچنے کے لئے 100 مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ ان شاء اللہ عزوجل

86-یَا جَامِعُ

جس کے عزیز و اقارب جدا ہو گئے ہوں' چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف منہ

کر کے 10 بار اس اسم کو پڑھے اور ہر بار میں ایک انگلی بند کرتا جائے پھر اپنے منہ پر ہاتھ پھیرے، ان شاء اللہ عزوجل تھوڑے عرصے میں سب جمع ہو جائیں گے۔

87-یَا غَنِیُّ

ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں یا جسم میں کہیں بھی درد ہو، چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھتے رہیے، ان شاء اللہ عزوجل درد جاتا رہے گا۔

88-یَا مُغْنِی

ایک بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملنے سے ان شاء اللہ عزوجل سکون ملے گا۔

89-یَا مَانِعُ

بیوی ناراض ہو تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے قبل بچھونے پر بیٹھ کر 20 مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ عزوجل صلح ہو جائے گی۔ (مدت: تا حصول مراد)

90-یَا ضَآرُّ

جسے کوئی منصب ملے اور وہ اس پر قائم رہنا چاہے تو وہ ہر شب جمعہ اور ایام بیض (یعنی ہر اسلامی ماہ کی 13، 14، 15 تاریخ) میں 100 بار پڑھے۔

91-یَا نَافِعُ

20 بار جو کسی کام کو شروع کرنے سے قبل پڑھ لے، ان شاء اللہ عزوجل وہ کام اس کی مرضی کے مطابق پورا ہو گا۔

92-یَانُوْرُ

جو سات مرتبہ سورۂ نور اور 1001 بار یَانُوْرُ پڑھے ان شاء اللہ عزوجل اس کا دل روشن ہو جائے گا۔

93-یَاھَادِیْ

جو کوئی آسمان کی طرف منہ کر کے ہاتھ اٹھا کر اس اسم کو کثرت سے پڑھے اور وہ ہاتھ اپنے منہ اور آنکھوں پر مل لے' ان شاء اللہ عزوجل اہل معرفت کا مرتبہ پائے گا۔

94-یَابَدِیْعُ

جس کو کوئی سخت مہم درپیش ہو 70 ہزار بار پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل کامیاب ہو گا۔

95-یَابَاقِیْ

جو سورج نکلنے سے پہلے 100 بار روز پڑھے گا' ان شاء اللہ عزوجل دکھ سے محفوظ رہے گا۔

96-یَاوَارِثُ

جو اس کا ورد کرے گا' ان شاء اللہ عزوجل اس کی عمر دراز ہو گی۔

97-یَارَشِیْدُ

جو شخص کسی کام کی تدبیر نہ جانتا ہو' وہ مغرب اور عشاء کے درمیان 1000 بار پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل صحیح تدبیر اس کے دل میں آ جائے گی۔

98-یَاصَبُوْرُ

جس کو درد یا رنج یا مصیبت پیش آئے' 33 بار پڑھے' ان شاء اللہ عزوجل سکون حاصل

ہوگا۔

99-یَامُؤَخِّرُ

جواس نام کوکسی نماز کے بعد 100 بار پڑھے گا' ان شاءاللہ عزوجل اس کا دل اللہ تعالیٰ کی محبت اوراس کی یاد میں رہے۔

1: ناگہانی آفت ومصیبت سے حفاظت کیلئے

وظیفہ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

فضیلت: جو شخص صبح وشام تین تین مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو ناگہانی آفت و مصیبت سے محفوظ رکھے گا (حصن حصین، صفحہ نمبر 61)

2: ہر مخلوق خصوصاً موذی جانوروں سے حفاظت کیلئے

وظیفہ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

فضیلت: جو شخص صبح وشام تین تین مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہر مخلوق خصوصاً سانپ، بچھو زہریلے اور موذی جانوروں کے شر سے بچائے گا۔

(حصن حصین، صفحہ نمبر 61)

3: خواہش ہو کہ قیامت کے دن اللہ خوش کر دے

وظیفہ: رَضِیْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا، وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَبِیًّا

فضیلت: جو شخص صبح وشام تین تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لے، اللہ تعالیٰ پر اس شخص کا حق ہے کہ وہ اسے قیامت کے دن راضی اور خوش کر دے (حصن حصین، صفحہ نمبر 68)

4: دن اور رات میں بلاؤں سے حفاظت

وظیفہ: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَا لَمْ یَکُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْئٍ عِلْماً

فضیلت: جس نے صبح کو یہ دعا ایک مرتبہ پڑھ لی وہ دن بھر بلاؤں سے محفوظ رہے گا اور جس نے شام کو یہ دعا ایک مرتبہ پڑھ لی وہ ساری رات بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

(حصن حصین، صفحہ نمبر 69)

5: بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات کیلئے

وظیفہ: یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ

فضیلت: مصیبت کے وقت سجدے میں جا کر یہ دعا کرنا بہت مفید ہے۔ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے میدان میں سجدے میں یہ دعا پڑھی تو فتح نصیب ہوئی۔

(حصن حصین، صفحہ نمبر 70)

6: شیطان سے حفاظت کے لئے

وظیفہ: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

فضیلت: جو شخص اللہ تعالیٰ سے دن میں دس مرتبہ شیطان سے پناہ مانگے گا اللہ تعالیٰ اس کو شیطان سے بچانے کے لئے ایک فرشتہ مقرر فرما دے گا۔

(حصن حصین، صفحہ نمبر 78)

7: مستجاب الدعوت میں شامل ہونے کیلئے

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

فضیلت: جو شخص دن میں 27 یا 25 مرتبہ تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے مغفرت کی دعا مانگے گا، وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان مستجاب الدعوت (جن کی دعائیں قبول ہوتی ہیں) میں شامل ہو جائے گا جن کی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ (حصن حصین، صفحہ نمبر 80)

8: جنت میں لے جانے والا عمل

وظیفہ: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

فضیلت: جو شخص اس استغفار کو ایک مرتبہ دن یا رات میں یقین کامل کے ساتھ پڑھ لے گا، اگر وہ اس دن یا رات میں وفات پا جائے گا تو ضرور جنتی ہوگا۔

(حصن حصین، صفحہ نمبر 84)

9: بخشش ومغفرت کے لئے

وظیفہ: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا

شَرِيكَ لَهٗ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

فضیلت: جو شخص دن یا رات یا (ہفتہ یا) مہینہ میں ایک مرتبہ یہ دعا پڑھ لے گا' وہ اگر اس دن یا رات یا (ہفتہ یا) مہینہ میں وفات پا گیا تو اس کے گناہ ضرور بخشے جائیں گے۔ (حصن حصین، صفحہ نمبر 84)

10: سوتے میں ڈر جائے' خوف اور نیند اچاٹ ہو جائے

وظیفہ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ

فضیلت: اگر سوتے میں ڈر جائے یا کوئی گھبراہٹ اور پریشانی محسوس ہو اور نیند اچاٹ ہو جائے تو یہ تعوذ پڑھ لے (سکون نصیب ہوگا) (حصن حصین، صفحہ نمبر 94)

11: گناہوں سے حفاظت کے لئے

وظیفہ: دس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اور دس مرتبہ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ كَفَرْتُ بِالطَّاغُوْتِ پڑھے

فضیلت: جس شخص نے رات میں سوتے ہوئے کروٹ بدلتے وقت مذکورہ بالا عمل کر لیا' وہ ہر اس چیز سے محفوظ رہے گا' جس سے وہ ڈرتا ہے اور کسی بھی گناہ کی اس تک رسائی نہ ہوگی (حصن حصین، صفحہ نمبر 98)

12: نظر بد، آفت وبلا اور بیماری سے حفاظت کیلئے

وظیفہ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ

فضیلت: بچہ (کو نظر بد اور ہر طرح کی آفت وبلا دکھ بیماری سے محفوظ رکھنے) کے لئے یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ (حصن حصین، صفحہ نمبر 166)

13: کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی

وظیفہ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

فضیلت: اگر کسی جگہ (سفر میں) یا اس کے علاوہ قیام کرتے وقت مذکورہ بالا تعوذ پڑھ لے تو اس جگہ سے جانے تک اس کو وہاں کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی (حصن حصین، صفحہ نمبر 176)

14: چالیس شہیدوں کا اجر

وظیفہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

فضیلت: جس مسلمان نے اپنی بیماری کی حالت میں چالیس مرتبہ مذکورہ بالا آیت کریمہ پڑھ لی تو اگر اس بیماری میں انتقال کر گیا تو چالیس شہیدوں کا اجر پائے گا اور اگر تندرست ہو گیا تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (حصن حصین، صفحہ نمبر 241)

15: پسلی کے مرض سے نجات

نیا سفید کپڑا ایک انچ چوڑا (یعنی دو انگل چوڑا) لے وہ کپڑا ایک ہاتھ لمبا ہو۔ سورۂ قدر باوضو سات بار پڑھ کر کپڑے میں ایک گرہ لگائے اور گرہ پر دم کرے اسی طرح سات بار پڑھ کر سات گرہ لگائے اور ہر گرہ پر دم کرے اس عمل سے ان شاء اللہ تعالیٰ پسلی کے مریض کو صحت یابی ہوگی۔ سورۂ قدر یہ ہے۔

اِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

16: برائے محبت

اگر کسی عورت کا شوہر اپنی بیوی میں محبت کی کمی پائے اور میاں بیوی کے تعلقات اکثر کشیدہ رہتے ہوں یا گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو اس کے لئے روزانہ ایک سو اکیس بار سورۂ اخلاص پڑھ کر پانی، شربت، مٹھائی، بادام، کشمش وغیرہ پر دم کرے اور مطلوبہ شخص کو کھلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں باہم محبت پیدا ہو جائے گی۔ سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

17: زہر خورانی کے اثر سے حفاظت

اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ اس کے کھانے میں زہر ملایا گیا ہے یا پانی میں زہر ملا دیا گیا ہے تو تین بار ان کلمات کو پڑھ کر اس کھانے یا پانی پر دم کر کے کھائیں پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کا کچھ اثر نہ ہوگا یا یہ طریقہ اختیار کر لیں کہ جب کھانا سامنے آئے تو تین بار پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھالیا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔ اسی طرح سورۂ قریش پوری پڑھ کر دم کرنے سے بھی اس ضرر اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر ایسا کر لے کہ یہ کلمات تین بار اور سورۂ قریش ایک بار پڑھ کر دم کر لیا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثر سے حفاظت رہے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اِسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ

18: بھوک سے سیرابی

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں کھانے کا انتظام نہیں ہو سکتا یا رقم پاس نہ ہو اور بھوک بری طرح لگ رہی ہو تو ایسی صورت میں سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد الخ) سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) سورۃ الناس (قل اعوذ برب الناس) ایک سو چونتیس بار پڑھ کر اپنے پیٹ پر دم کر لے ان شاء اللہ تعالیٰ بھوک کی تکلیف سے نجات پائے گا۔ پیٹ بھر جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

19: بصارت (نگاہ) میں کمی نہ ہونا

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آنکھوں کی روشنی کم نہ ہوتو وضو سے فارغ ہونے کے بعد آسمان کی جانب نظر کر کے سورۂ قدر پوری پڑھ لیا کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ آنکھوں میں کوئی نقصان پیدا نہ ہوگا اور بینائی قائم رہے گی۔سورۃ القدر یہ ہے۔

اِنَّآ اَنۡزَلۡنٰهُ فِیۡ لَیۡلَةِ الۡقَدۡرِ ۝ وَمَاۤ اَدۡرٰكَ مَا لَیۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۝ لَیۡلَةُ الۡقَدۡرِ خَیۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ ۝ تَنَزَّلُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ فِیۡهَا بِاِذۡنِ رَبِّهِمۡ مِّنۡ كُلِّ اَمۡرٍ ۝ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ۝

20: شوہر کو مہربان کرنے کیلئے

وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَنۡدَادًا یُّحِبُّوۡنَهُمۡ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوۡ یَرَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ یَرَوۡنَ الۡعَذَابَ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیۡعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعَذَابِ ۝

(سورۂ بقرہ، رکوع 3، پارہ 2، آیت 165)

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوجائے گا۔مگر واضح رہے کہ ناجائز کام میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔

21: چیچک سے بچہ کی حفاظت

موسم گرما میں اکثر بچوں کے چیچک نکلتی ہے۔عمل یہ ہے کہ ایک نیلا دھاگہ لیا جائے اور سورۂ رحمٰن باوضو پڑھنا شروع کریں جب یہ آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ آئے تو دھاگہ میں ایک گرہ لگادیں۔

اسی طرح جتنی بار فَبِاَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ آئے برابر گرہ لگاتے رہیں۔ جب سورۃ پوری ہوجائے تو وہ دھاگہ بچے کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ چیچک سے محفوظ ہوجائے گا۔ سورۂ رحمٰن میں فَبِاَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ اکتیس مرتبہ آیا لہذا دھاگے میں اکتیس گرہ لگیں گی۔

22: بدخوابی سے حفاظت

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ○ (سورۂ یونس، آیت 64، پارہ 11)

خاصیت: جس شخص کو بدخوابی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو اس کے گلے میں ڈالے یا سوتے وقت گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب بد سے محفوظ رہے گا۔

23: سحر سے حفاظت

خاصیت: سحر کے لئے بہت مجرب ہے۔ جس پر کسی نے سحر کیا ہو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈال لے یا تشتری پر لکھ کر پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت نصیب ہوجائے گی۔

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ○

(سورۂ یونس، آیت 81-82، پارہ 11)

24: خوف دور کرنے کیلئے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ○

(سورۂ یوسف، آیت 64)

خاصیت: جس کو دشمن سے خوف ہو یا کسی اور طرح کی بلا یا مصیبت کا خوف ہو وہ اس کو دن میں 111 مرتبہ پڑھا کرے۔ان شاءاللہ تعالیٰ دشواری دور ہو جائے گی۔

25: ہر قسم کے درد کے لئے

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت 105، پارہ 15)

خاصیت: ہر مرض اور درد کے واسطے مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے ان شاءاللہ تعالیٰ بہت جلد صحت حاصل ہوگی۔

26: درندوں سے حفاظت

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ (سورۂ کہف، پارہ 15، آیت 18)

خاصیت: اگر راستہ میں شیر یا کتا حملہ کرے اور شور مچائے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے چپ ہو جائے گا۔

27: جانور کے زہر سے حفاظت

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ (سورۂ شعراء، پارہ 19، آیت 130)

خاصیت: اگر کسی کو جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر دم کرے ان شاءاللہ تعالیٰ صحت یابی نصیب ہوگی۔

28: دینداری کے لئے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ (سورۂ فرقان، آیت 74، پارہ 19، رکوع 4)

خاصیت: جو اس کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کی اولاد اور بیوی دیندار ہو جائیں گے۔

29: چیونٹیاں بھگانے کے لئے

يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝

(سورۂ نمل، آیت 18، پارہ 19، رکوع 17)

خاصیت: اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو اس آیت کو لکھ کر چیونٹیوں کے سوراخ کے پاس رکھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سب چیونٹیاں اپنے سوراخ میں داخل ہو جائیں گی۔

30: نافرمان بیوی فرمانبردار ہو

بیوی نافرمان ہو۔ اپنے خاوند کو پسند نہ کرتی ہو۔ ہر وقت لڑائی جھگڑا کرتی ہو اور خاوند کی نافرمانی کرتی ہو تو ایسے میں خاوند کے لئے ذیل کا عمل کارآمد ہے۔ اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۂ رحمٰن کی آیت

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝

(سورہ رحمٰن' آیت 74، پارہ 27، رکوع 13)

ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر یا کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور اپنی بیوی کو کسی طرح کھلائے یا پلائے۔ ان شاء اللہ اس عمل کے بدولت بیوی کے دل میں خاوند کی شدید محبت پیدا ہوجائے گی اور وہ اس کے ہر فرمان کی تابعداری کرے گی اور کبھی بھی اس سے بغاوت نہ کرے گی۔ یہ عمل اکیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ کرے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا مت بھولئے گا۔ دیگر آپ بھی اپنی بیوی کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں۔ لہجہ نرم رکھیں۔ اس کی جائز خواہشات کا احترام کریں۔

31: اولاد فرمانبردار ہو

وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

(سورۂ احقاف، آیت 15، پارہ 26، رکوع 2)

خاصیت: جس کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ صالح ہوجائے گی۔ پڑھنے کے وقت ذُرِّیَّتِیْ کے لفظ پر اپنی اولاد کا تصور رکھے۔

32: آنکھوں کی روشنی کے لئے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝

(سورۂ ق، آیت 22، پارہ 26، رکوع 16)

خاصیت: اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی۔ بلکہ جس قدر نقصان ہوگیا ہوگا وہ جاتا رہے گا۔

33: بھوک کیلئے

خاصیت: حدیث میں ہے کہ جو شخص سورۂ واقعہ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

34: دردسر کا علاج

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ۝

(سورۂ واقعہ، آیت 19، پارہ 27، رکوع 14)

خاصیت: جس کو دردسر ہو اس پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جاتا رہے گا۔

35: قیامت کے دن پیشانی کا چمکنا

إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ (سورۂ طور، آیت 28، پارہ 27، رکوع 4)

خاصیت: جو کوئی اس آیت کو بعد نماز گیارہ بار انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دے تو ان شاء اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کا مزہ چکھے گا۔

36: کشادگی رزق کے لئے

وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ (سورۂ طلاق، آیت 3، پارہ 28، رکوع 17)

خاصیت: فراخی رزق کے لئے اور جس مہم پر جائے تینتیس مرتبہ اس کو پڑھا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہو جائے گی اور مہم آسان ہوگی۔

37: قبر کے عذاب سے نجات

خاصیت: جو شخص سورۂ ملک کو رات کے وقت پڑھے گا ان شاءاللہ تعالیٰ وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

38: ہر قسم کی حاجتوں کے لئے

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۝ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۝ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۝ (سورۂ نوح، آیت 10-12، پارہ 29)

خاصیت: چند شخص حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ کسی نے پانی نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کے لئے کہا۔ آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو۔ ایک شخص نے پوچھا کہ حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لئے فرمایا۔ آپ نے جواب میں انہیں آیتوں کو پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی آیت کو ارشاد فرمایا ہے۔

39: عمل الٹنے سے حفاظت (پوری سورۂ عبس' پ 30)

خاصیت: جو عملیات سے تعلق رکھتے ہیں ان کے لئے سورۂ عبس کی آیات تجلیات نور ہے۔ جو شخص کسی عمل کے وقت سورۂ عبس کو پڑھ لے تو ان شاءاللہ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا۔

40: بخار کا علاج

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ الحمد شریف چالیس بار پانی پر دم کر کے بخار والے کے منہ پر چھینٹا دے' اس خیال سے کہ پانی زمین پر نہ گرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو جائے گا۔

41: نوکری قائم رہے

اگر کسی کو اپنی نوکری کے ختم ہو جانے کا خدشہ ہو گیا ہو اور اسے اس قسم کی اطلاعات مل رہی ہوں کہ جلد ہی اس کی نوکری کا خاتمہ ہو جائے گا۔ سازشی عناصر اس کے خلاف سازشوں میں شریک ہوں تا کہ اس کی نوکری ختم ہو جائے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد تینتیس مرتبہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ○

(سورۂ بقرہ' آیات 106 سے 107، پارہ 1، رکوع 13)

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سازشی عناصر اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد و حمایت اس کو حاصل ہو گی۔

42: درختوں کے پھل میں برکت

وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِیْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِیْهَا

خَالِدُوْنَ ۝ (سورۂ بقرہ، آیت 25، پارہ 1، رکوع 2)

جو درخت نہ پھلتے ہوں یا کم پھلتے ہوں' کے بار آور کرنے کے لئے جمعرات کا روزہ رکھے اور صرف کدو سے افطار کرے اور نماز مغرب پڑھ کر یہ آیتیں کاغذ پر لکھے اور کسی سے بات نہ کرے اور اس کو لے کر اس باغ کے وسط میں کسی درخت سے کوئی پھل لے کر کھائے اور اس پر تین گھونٹ پانی پیئے اور چلا آئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ برکت ہوگی۔

43: پیاس کے مرض کا علاج

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝

(پ 1، سورۂ بقرہ آیت 60' رکوع 7)

جس کو سفر میں پانی میسر نہ ہو یا ایسے مرض میں مبتلا ہو جس میں پانی کثرت سے پیئے اور پیاس نہ بجھے' ان آیتوں کو مٹی کے کسی برتن میں جو تیل یا گھی سے چکنا ہو یا کانچ یا پتھر کے برتن پر لکھ کر باران ربیع کے پانی سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر برتن میں رہنے دے۔ پھر اس میں سرخ بکری کا دودھ ملا کر آنچ پر اس کو گاڑھا کرے اور پیاس میں صبح کے وقت دو درہم اور مبتلائے مرض میں سوتے وقت اسی قدر پیا کرے۔

44: بند پیشاب' پاخانہ کا جاری کرنا

اگر پتھری کی وجہ سے پیشاب رک گیا ہو یا پاخانہ میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو تو اس کے لئے

باوضوسورۂ تکاثر لکھیں اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں ان شاءاللہ تعالیٰ پیشاب کی یا پاخانہ کی بندش کھل جائے گی۔سورۂ تکاثر یہ ہے۔

اَلۡهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۝ كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡيَقِيۡنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الۡجَحِيۡمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ الۡيَقِيۡنِ ۝ ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ يَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِيۡمِ ۝

45: نیند سے بیدار ہونے کا عمل

وَاِذۡ جَعَلۡنَا الۡبَيۡتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمۡنًا وَاتَّخِذُوۡا مِنۡ مَّقَامِ اِبۡرٰهٖمَ مُصَلًّى وَعَهِدۡنَآ اِلٰٓى اِبۡرٰهٖمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ اَنۡ طَهِّرَا بَيۡتِىَ لِلطَّآئِفِيۡنَ وَالۡعٰكِفِيۡنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوۡدِ ۝

(پارہ1،سورۂ بقرہ،آیت125،رکوع15)

ایک عارف کے نوشتہ سے منقول ہے کہ اس آیت کو اگر سوتے وقت پڑھے' جس وقت چاہے گا آنکھ کھلے گی۔

46: رزق میں وسعت اور ادائے قرض

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ تُؤۡتِى الۡمُلۡكَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡكَ مِمَّنۡ

تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

جو شخص کثرت سے ان آیتوں کو فرض نمازوں کے بعد اور نوافل کے بعد اور سوتے وقت پڑھا کرے تو اس کو روزی اور وسعت نصیب ہو اور اس کے مال میں ترقی ہو اور تنگدستی دور ہو۔

(سورۂ ال عمران، پارہ 3، آیت 26، رکوع 11)

47: کیمیاء اور خفیہ علوم حاصل کرنا

جو علم کیمیا کا طالب ہو اور کسی مخفی علم کو دریافت کرنا چاہے تو اول غسل کرے اور متواتر چالیس روزے رکھے اور حلال غذا سے افطار کرے اور ہر شب سوتے وقت سورۂ والشّمس، والیل، والضحیٰ اور الم نشرح سات سات بار پڑھے اور آیت موصوفہ سات بار پڑھے۔ پھر درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ الٰہی فلاں علم جو اکثر مخلوق سے پوشیدہ ہے، میرے لئے آسان کردے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیداری میں یا خواب میں کوئی بتلا جائے گا۔

48: حمل قائم رکھنے کے لئے

اگر عورت کے حمل قائم نہ ہوتا ہو تو باوضو یہ تعویذ لکھے ایک تعویذ موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں باندھے اور دوسرا باوضو گھول کر دونوں کو پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ضرور ٹھہرے ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

ھو ھو ھو ھو ھو ھو

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

حی حی حی حی حی حی حی

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ ازواجہ

اجمعین برحمتك یا ارحم الراحمین

49: برائے امن ودفع آفات

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِینَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○

(پ 7 سورہ انعام، رکوع 7، پہلی آیت)

خاصیت: یہ آیت تسکین غیظ وغضب اور دفع تشنگی اور رنج کے لئے ہے اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور اگر بیٹھا ہو تو کھڑا ہو جائے اور یہ آیت 33 مرتبہ پڑھے

50: غصہ، رنج اور پیاس کا علاج

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

(پ 7 سورۂ انعام آیت 13، رکوع 8)

یہ آیت تسکین غیظ وغضب اور دفع تشنگی اور رنج کے لئے ہے۔ اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور اگر

بیٹھا ہو تو کھڑا ہو جائے اور یہ آیت 33 مرتبہ پڑھے

51: دریا کی طغیانی روکنے کیلئے

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً لَئِنْ اَنْجَانَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ ○ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُم مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ○

(پ 7' سورۂ انعام' آیت 63-64، رکوع 14)

اگر دریا میں جوش وطوفان یا طغیانی ہو تو یہ آیتیں لکھ کر دریا میں ڈالنے سے طوفان کو سکون ہو جاتا ہے۔

52: طوفان میں کمی اور ظالموں سے حفاظت

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○

(پ 7' سورۂ انعام' آیت 103، رکوع 19)

اس آیت کو بکثرت پڑھنے سے ہوائے تند کو سکون ہوتا ہے اور ظالموں کی نگاہ سے پوشیدہ رہتا ہے۔

53: دکان' مکان' مال واسباب کی حفاظت

اور اگر مذکورہ آیتیں مع آیات اواخر سورۂ توبہ:

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ

اِلَّا ھُوَ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ○

(پ11' توبہ آیت 128/129، رکوع 5)

دکان یا مکان یا اسباب و مال پر پڑھ دی جائیں تو ہر طرح کی حفاظت رہے

54: موذی جانوروں سے حفاظت

اَفَاَمِنَ اَھۡلُ الۡقُرٰٓی اَنۡ یَّاۡتِیَھُمۡ بَاۡسُنَا بَیَاتًا وَّھُمۡ نَآئِمُوۡنَ ○ اَوَاَمِنَ اَھۡلُ الۡقُرٰی اَنۡ یَّاۡتِیَھُمۡ بَاۡسُنَا ضُحًی وَّھُمۡ یَلۡعَبُوۡنَ ○ اَفَاَمِنُوۡا مَکۡرَ اللّٰہِ ۚ فَلَا یَاۡمَنُ مَکۡرَ اللّٰہِ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ○

(پ9' اعراف' آیت 97/98/99، رکوع 2)

محرم کی پہلی تاریخ میں اس کو کاغذ کے پانی سے دھو کر وہ پانی جس گھر کے گوشوں میں چھڑک دیا جائے وہ سانپ اور بچھو اور موذی جانوروں سے سلامت رہے۔ اس طرح چھڑکے کہ پانی زمین پر نہ گرے۔

55: قید سے رہائی

فَلَمَّا دَخَلُوۡا عَلٰی یُوۡسُفَ اٰوٰٓی اِلَیۡہِ اَبَوَیۡہِ وَقَالَ ادۡخُلُوۡا مِصۡرَ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیۡنَ ○ وَرَفَعَ اَبَوَیۡہِ عَلَی الۡعَرۡشِ وَخَرُّوۡا لَہٗ سُجَّدًا وَقَالَ یٰۤاَبَتِ ھٰذَا تَاۡوِیۡلُ رُءۡیَایَ مِنۡ قَبۡلُ قَدۡ جَعَلَھَا رَبِّیۡ حَقًّا وَقَدۡ اَحۡسَنَ بِیۡۤ اِذۡ اَخۡرَجَنِیۡ مِنَ السِّجۡنِ وَجَآءَ بِکُمۡ مِّنَ الۡبَدۡوِ مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ نَّزَغَ الشَّیۡطٰنُ

بَيْنِي وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○

(سورۂ یوسف' رکوع 5' پ 13' آیت 99/100)

اگر کوئی شخص ظلماً قید ہوگیا ہو تو ان آیتوں کو لکھ کر داہنے بازو پر باندھے اور کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رہائی پائے گا۔

56: برائے درد ہاتھ و پیر و نظر بد

وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَا اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

(سورۂ ابراہیم' آیت 12' پ 13، رکوع 14)

جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو یا اس کو نظر ہو اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے' ان شاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائیگا۔

57: تمام آفات سے حفاظت

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ○ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ○ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ○

(پ13' ابراہیم' آیت 32/33/34، رکوع 17)

جو شخص اس کو صبح وشام اور سونے کے وقت یا کہیں جانے کے وقت پڑھے' تمام آفات بحری وبری سے محفوظ رہے اور مال وکھیت ومویشی وغیرہ میں برکت ہو۔

58: عورت کا دودھ بڑھانے کیلئے

سورۂ حجر کو زعفران سے لکھ کر کسی عورت کو پلائے' اس کا دودھ بڑھ جائے۔

59: خوف زائل کرنا

وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝ وَّ جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝

(سورۂ بنی اسرائیل' آیت 45-46، پارہ 15، رکوع 5)

کسی خوفزدہ پر جو خیالات فاسدہ میں گرفتار ہو' تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر دی جائے تو اس کا خوف زائل ہو جائے۔

☆☆☆

60: آسانی ولادت

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا

فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(سورۂ انبیاء، آیت 30، پارہ 17، رکوع 3)

جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کے شکم یا کمر پر دم کرے یا لکھ کر باندھ دے تو ولادت باآسانی ہو۔

61: شراب ترک کروانے کیلئے

سورۂ مومنون سفید کپڑے پر شب کو لکھ کر شرابی کو پلانے سے شراب کی عادت چھوٹ جائے۔

62: دفع آسیب

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ○ فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ○ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ○

(سورۂ مومنون، آیت 115 تا 118، پارہ 18، رکوع 6)

آسیب زدہ کے کان میں پڑھ کر پھونکنے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے

63: کنواں کھودنے یا چشمہ نکالنے کے واسطے

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ○ وَوَهَبْنَا لَهٗ اَهْلَهٗ

وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا نِّعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝ وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ ۝ إِنَّا أَخْلَصْنَاهُم بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَإِنَّهُمْ عِندَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ ۝ وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ وَكُلٌّ مِّنَ الْأَخْيَارِ ۝ هَٰذَا ذِكْرٌ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ ۝ جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ ۝ مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ۝

(سورۂ ص، پ23، آیت 42 تا 51، رکوع 13)

کنواں کھودنے یا چشمہ نکالنے میں اس کو بکثرت پڑھنے سے پانی عمدہ بکثرت نکلے گا

64: برائے محبوبیت ومقبولیت (سورۂ زمر، پ23)

سورۂ زمر کو لکھ کر پاس رکھنے سے خلق کی نظروں میں محبوب ومقبول ہو۔

65: برائے روزی

رمضان شریف کے رویت ہلال کے وقت سورۂ فتح تین بار پڑھنے سے تمام سال روزی فراخ رہے

66: دفع آسیب

سورۂ حجرات کو لکھ کر دیوار پر چسپاں کر دے تو آسیب نہ آئے

67: رہائی از قید

اگر قیدی ہمیشہ سورۂ طور کو پڑھا کرے تو جلدی رہائی پائے۔

68: برائے امن سفر

اگر مسافر سورۂ طور پڑھے، راستہ میں ہر طرح کا امن رہے۔

69: بچہ کا دودھ چھڑوانا

جس کا دودھ چھڑوانا منظور ہو تو سورۃ البروج کو لکھ کر اس کے باندھ دے، با آسانی چھوڑ دے۔

70: کان کی گونج و بواسیر کے لئے

کان میں جو دوئی یعنی گونج پیدا ہو جائے تو سورۃ الاعلیٰ کے دم کرنے سے وہ زائل ہو جائے۔

☆☆☆

71: حفاظت کھانا

سورۃ الغاشیہ کو کھانے پر دم کرنے سے اس کے ضرر سے محفوظ رہے اور درد پر پڑھنے سے سکون ہو

72: نیک بچہ پیدا ہونے کے لئے

سورۂ فجر کو درمیانی شب میں پڑھ کر جماع کرنے سے نیک بخت اولاد پیدا ہو۔

73: واپسی گمشدہ

جسکی کوئی چیز گم ہوگئی یا کوئی بھاگ گیا ہو تو سورۂ والضحیٰ کو سات مرتبہ پڑھنے سے وہ چیز مل جائے

74: برائے دردِ قلب

سورۂ الم نشرح کو تین مرتبہ سینہ پر دم کرنے سے تنگی اور دردِ قلب سے نجات ملے۔

75: دفع پتھری

سورۂ الم نشرح کا دم کیا ہوا پانی پینا پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے اور دردِ مثانہ کو نفع دیتا ہے۔

76: برائے بے مشقت روزی

آخر شب میں اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھنے سے بے مشقت روزی ملے۔

☆☆☆

77: دافع جذام وغیرہ

ابن قتیبہ نے کہا ہے کہ ایک جذامی نے جس کا گوشت بالکل گرنے لگا تھا۔ کسی بزرگ سے شکایت کی۔ انہوں نے یہ آیت پڑھ کر تھتکارا۔ نئی کھال نکل آئی اور اچھا ہوگیا۔

وَاَيُّوبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(سورۂ انبیاء، آیت 83)

ایضا: کلبی سے ایک شخص نے حکایت بیان کی ہے کہ مجھ کو برص ہو گیا تھا۔ کسی کے پاس نہ بیٹھ سکتا تھا کہ ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا۔ منہ کھول' میں نے منہ کھول دیا۔ انہوں نے میرے منہ میں تھوک دیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفا بخش دی۔ آیت یہ ہے۔

اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ اَنِّیْ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّیْنِ كَهَیْئَةِ الطَّیْرِ فَاَنْفُخُ فِیْهِ فَیَكُوْنُ طَیْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْیِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِكُمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ○

(سورۂ آل عمران، آیت 49، پارہ 3، رکوع 13)

78: دفع خارش

کسی شخص کے خارش ہو گئی تھی اور کسی تدبیر سے فائدہ نہ ہوتا تھا۔ ایک قافلہ کے ساتھ مکہ کو چلا اور چلنے سے عاجز ہو کر قافلہ سے پیچھے رہ گیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار پر ٹھہر گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خواب میں دیکھا اور اپنے مرض کی شکایت عرض کی۔ آپ نے یہ آیت پڑھی۔

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ○ (سورۂ مومنون، آیت 14، پارہ 18، رکوع 1)

صبح کو اچھا خاصا اٹھا۔

79: درد حلق

کسی کے حلق میں درد ہو تو ان آیات کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں جب تک تکلیف دور نہ ہو' پڑھتا رہے۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(سورۂ انبیاء' آیت 30، پ 17، رکوع 3)

قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ○قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَا اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ○الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ○اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۚ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

(سورۂ یٰسٓ' آیت 78 تا 83' پارہ 22)

80: برائے قے

یہ آیت ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر صبح کے وقت سات روز پلا دیں۔

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ

الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○

(پ12 'ہود' آیت 44، رکوع 4)

81: برائے شکست کفار

ابن کلبی سے منقول ہے کہ مجھ سے ایک ثقہ نے یہ بیان کیا۔کسی نے ملوک کفار میں سے اہل اسلام کے کسی شہر کا محاصرہ کیا۔ان لوگوں میں کوئی ایک آدمی تھا۔اس نے ایک مشت خاک لے کر اس پر

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلَاءً حَسَنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ (انفال' آیت 17، پ9، رکوع 16)

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ○ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ○ وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا ○ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ○ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ○ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا ○ (پ30 'زلزال' رکوع 1)

پڑھ کر اس کی فرودگاہ میں ڈلوادی۔وہ آپس میں لڑ کر بھاگ گئے۔

82: توفیق توبہ

ایک مصری نے بیان کیا کہ ایک مشرک ایک مسلمان کے پاس آیا اور کہا کہ تمہارے قرآن میں کوئی ایسی چیز بھی ہے جو میرے دل کو بدل دے۔شاید میں مسلمان ہو جاؤں۔اس نے کہا ہاں اور اس کو الم نشرح لکھ کر پلائی۔وہ مسلمان ہو گیا۔

83: دفع جھوٹ

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللهُ بِاللَّغْوِ فِيٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِن يُّؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ وَاللهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ○

(پ2' بقرہ' رکوع 12، آیت 225)

سیپی پر لکھ کر قبل طلوع آفتاب شہد خام سے دھو کر جھوٹے شخص کو بکثرت پلایا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ جھوٹ کی عادت جاتی رہے گی۔

84: درستی ذہن وزبان

وَلَوْ اَنَّمَا فِي الْاَرْضِ مِن شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِّنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللهِ اِنَّ اللهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ○ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ اِنَّ اللهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ○

(سورۂ لقمان، آیت 28-27، پارہ 21، رکوع 13)

جس کا ذہن بگڑ گیا ہو یا تقریر میں مضمون کی آمد نہ ہو تو یہ آیتیں کندر پر پڑھ کر اور نصف مثقال شہد یا شکر میں ملا کر کھایا کرے ذہن اچھا ہو جائے اور آمد مضمون خوب ہو

85: برائے آسیب زدہ

اور جس کو شیطان باؤلا کر ڈالے یعنی جس پر آسیب کا اثر ہو تو اس کے بائیں کان میں یہ آیت سات بار پڑھے

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ○

(سورۂ ص، پ23' آیت 34)

اور دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات مرتبہ اذان دے اور سورۂ فاتحہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور آیۃ الکرسی اور سورۂ طارق اور سورہ حشر کی آیتیں ھواللہ الذی سے آخر سورۂ تک اور سورۂ صافات مکمل پڑھے تو آسیب ختم ہو جائے گا۔

ایضا: پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں اول سورۂ جن کی یعنی قل اوحی سے کتابا تک پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آ جائے گا اور جب کسی کے مکان میں جن معلوم ہو اسی پانی سے مکان کے کونوں میں چھینٹے مارے تو وہاں پر پھر نہ آئے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام کو پڑھنا۔ اور ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت اور صبح وشام آیت الکرسی پڑھنا اور سورہ اخلاص اور معوذتین کا صبح وشام اور سوتے وقت تین تین مرتبہ پڑھنا اور

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ' لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

کا ہر روز سو مرتبہ پڑھنا اور صبح وشام اور نماز کے بعد کے اذکار اور سونے جاگنے میں' گھر میں داخل ہونے' گھر سے نکلنے' سوار ہونے' مسجد میں داخل ہونے' مسجد سے نکلنے' بیت الخلاء میں جانے' اور اس سے نکلنے' مصیبت زدہ کو دیکھنے کے وقت کی دعاؤں کا پابندی سے پڑھنا۔

86: جادو کا علاج

اگر ممکن ہو تو صبح نہار منہ سات عجوہ کھجوریں کھانا بھی جادو کے لئے مفید ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

مَنْ اَصْبَحَ سِبَعَ تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرُّهُ ذَالِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَلَا سِحْرُهٗ

(بخاری)

عجوہ مدینہ منورہ کی ایک خاص کھجور ہے جو سب سے افضل اور بہتر کھجوروں میں سے ہے) بہتر یہ ہے کہ یہ کھجوریں مدینہ کے دوحروں کے درمیان پیدا ہونے والی ہوں جیسا کہ مسلم کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔

☆☆☆

87: جادو کے توڑ کیلئے جھاڑ پھونک اور جامع دعا

سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کریں ان شاء اللہ شفایاب ہوگا۔

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ، اَنْ يُعَافِيَكَ وَيَشْفِيَكَ

88: سحر اور نظر بد کا علاج

جس شخص پر سحر یا جن یا نظر بد وغیرہ کا اثر ہوا گر اس پر یہ دعا پڑھ کر دم کی جائے تو ان شاء اللہ شفایاب ہوگا۔

بِسْمِ اللهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ

حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ

89: زخم کا علاج

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب کوئی بیمار شکایت کرتا یا اس پر کوئی زخم وغیرہ ہوتا تو آپ ﷺ اپنی انگشت مبارک کو اس طرح کرتے اور حضرت سفیان رضی اللہ عنہ نے (جو اس حدیث کے راوی ہیں) اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھی اور پھر اٹھائی اور فرماتے۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رسول ﷺ اپنا لعاب دہن مبارک اپنی شہادت کی انگشت مبارک پر لگاتے اور پھر سے اسے زمین پر رکھتے اس کے ساتھ کچھ مٹی لگ جاتی اس سے زخمی مقام کو یا مریض کو مسح کرتے اور یہ الفاظ فرماتے۔

90: پریشانی اور بے چینی کا علاج

پریشانی اور بے چینی کے لئے یہ دعا بہت مفید و مجرب ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ، وَرَبُّ الْاَرْضِ، وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ

(بخاری)

بے چینی کے لئے یہ دعا بھی مجرب ہے۔

91: مریض کا خود اپنا علاج کرنا

جسم میں جہاں تکلیف ہے اس جگہ پر ہاتھ رکھے بسم اللہ الرحمن الرحیم اور

اَعُوذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ (مسلم)

92: دوران عیادت مریض کا علاج

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے جب کوئی مسلمان کسی ایسے مریض کی عیادت کو جائے جس کی اجل نہ پہنچی ہو اور سات مرتبہ اس پر یہ دعا پڑھے۔

اَسْأَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ،

اَنْ یُّعَافِیَكَ وَیَشْفِیَكَ (ترمذی)

تو اس مریض کو شفا ہو جائے گی۔

☆☆☆

93: نیند میں ڈرنے اور گھبرانے کا علاج

نیند میں ڈر لگے تو یہ دعا پڑھے ان شاء اللہ ڈر بالکل ختم ہو جائے گا۔

اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ (ابوداؤد)

❊❊❊

94: سانپ بچھو وغیرہ کے ڈسنے کا علاج

سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر لعاب دہن (تھوک) ڈسے ہوئے مقام پر لگائے ان شاء اللہ

شفا ہوگی۔(بخاری)

95: غصے کا علاج

غصہ کا علاج دو طریقوں سے ہوتا ہے۔

ا۔غصہ کرنے سے اجتناب۔

اور یہ اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ آدمی غصہ دلانے والے اسباب سے اجتناب کرے اور ان اسباب میں سے چند یہ ہیں: تکبر، خود پسندی، بڑائی، برے کام کی حرص، غیر مناسب مزاح اور مذاق، اور اس جیسی اور چیزیں۔

یہ علاج تو غصہ آنے سے پہلے بطور احتیاط کے تھا۔

۲۔جب غصہ آجائے تو اس کا علاج چار طرح سے ہوتا ہے۔

شیطان مردود سے اللہ کی پناہ حاصل کرنا۔

وضو کرنا۔

حالت غصہ میں جس کیفیت پر ہو اس کیفیت کو تبدیل کرنا مثلاً کھڑا ہے تو بیٹھ جائے، بیٹھا ہے تو ٹیک لگائے، یا اس جگہ سے نکل جائے یا خاموش ہو جائے ذہن میں ان فضائل کو لائے، جو غصہ دبانے کے بارے میں وارد ہوئے اور اس پشیمانی کو یاد کرے، جو غصہ کرنے کے بعد ہوتی ہے۔

اگر کوئی شخص ان اسباب و اقسام کو اختیار کرلے گا تو ان شاء اللہ غصہ کے برے انجام سے محفوظ رہے گا۔

96: ایمان پر خاتمہ کے لئے

فجر کی نماز سے قبل و بعد اکتالیس بار یہ دعا پڑھے تو ان شاء اللہ خاتمہ بالخیر بالایمان ہوگا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ،

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اللہ

ہر بار پڑھنے کے بعد یا اللہ تین مرتبہ کہے۔

97: بھولنے سے نجات کیلئے

مطالعہ سے پہلے اس دعا کا پڑھنا نسیان دفع کرنے کیلئے مفید ہے۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیَّ فُتُوْحَ الْعَارِفِیْنَ بِحِکْمَتِكَ وَانْشُرْ

عَلَیَّ رَحْمَتَكَ، وَذَکِّرْنِیْ مَا نَسِیْتُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

98: قوت حافظہ کیلئے

قوت حافظہ کیلئے مطالعہ سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھنا مفید ہے۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللہِ وَ سُبْحَانَ اللہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللہُ

اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ عَدَدَ کُلِّ حَرْفٍ کُتِبَ اَوْ یُکْتَبُ اَبَدَ

الْاٰبِدِیْنَ وَدَھْرَ الدَّاھِرِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

99: دماغ کی کمزوری کے واسطے

دماغ کی کمزوری کے واسطے اس آیت کا روزانہ بعد نماز فجر دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

فَفَھَّمْنٰھَا سُلَیْمٰنَ وَکُلًّا اٰتَیْنَا حُکْمًا وَّعِلْمًا وَّسَخَّرْنَا

مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ وَکُنَّا فٰعِلِیْنَ ۝

(سورۂ انبیاء، آیت 79، پارہ 17)

100: دفع دیوانگی کیلئے

تین دن تک صبح وشام سورہ فاتحہ پڑھ کردم کرنا اور ہر مرتبہ ختم سورۃ پر تھوک منہ میں جمع کر کے دیوانے پر ڈالنا بھی دفع دیوانگی کیلئے مجرب ہے

101: مرگی کا علاج

اگر کوئی شخص مرگی سے بے ہوش ہو جائے تو اس کے دائیں کان میں پوری اذان اور بائیں کان میں اقامت سات بار کہیں۔ ان شاءاللہ اسے ہوش آ جائے گا۔

102: مرگی کے دورے کا علاج

جو شخص سورہ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاءاللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑیگا

103: پورے اور آدھے سر کے درد کا علاج

جس کے سر میں درد ہو یہ آیات لکھ کر اس کے سر پر باندھی جائیں ان شاءاللہ درد ختم ہوگا۔

ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ ؕ فَمَنِ اعۡتَدٰى بَعۡدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝ يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّخَفِّفَ عَنۡكُمۡ ۚ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ ضَعِيۡفًا ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىۡ عَنِّىۡ فَاِنِّىۡ قَرِيۡبٌ اُجِيۡبُ دَعۡوَةَ الدَّاعِ اذا دعان ۝ اَلَمۡ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيۡفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ

☆☆☆

104: آدھے سر کے درد کا علاج

اگر کسی کے آدھے سر میں درد ہو تو اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے ان شاء اللہ درد ختم ہو جائیگا۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا

(سورۂ فرقان، آیت 45، پارہ 19)

105: دردِ سر سے نجات کیلئے

قیصر روم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دردِ سر کی شکایت کی۔ آپ نے ایک ٹوپی سلوا کر بھیج دی جب تک وہ ٹوپی سر پر رہتی درد کو سکون رہتا اور جب اس کو اتارتا پھر درد ہونے لگتا اس کو تعجب ہوا اور کھول کر دیکھا تو اس میں فقط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھا ہوا تھا

106: گنج پن کا علاج

کسی گنجے پر یہ آیت پڑھ کر تھتکار دیا گیا تھا وہ اچھا ہو گیا۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت 82، پارہ 15، رکوع 9)

107: ابرو کے درد سے نجات

اگر کسی کی ابرو میں درد ہو تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

وَلَوْ اَنَّمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

(سورۂ لقمان، آیت 27، پارہ 21، رکوع 13)

108: زخم کا علاج

کسی بھی وجہ سے آنکھ پر زخم ہوگیا اور آنکھ میں خون بھر آیا ہو تو ایسی صورت میں قرآن کی سورۃ الُمزمل باوضو حالت میں انتہائی یکسوئی اور توجہ سے پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے ان شاء اللہ سات یوم کے اندر اندر زخم ٹھیک ہوجائے گا اور آنکھ صاف ہوجائے گی یہ عمل ہر فرض نماز کے بعد کریں۔

109: درد سے نجات

باوضو ہوکر یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ تعالیٰ درد سے آرام آجائے گا۔

وَلَوْ اَنَّمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

(سورۂ لقمان، آیت 27، پارہ 21، رکوع 13)

110: موتیا بند سے نجات

ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا جائے موتیا بند کیلئے مفید ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ○

(سورۂ ق، آیت 22، پارہ 26، رکوع 16)

111: آنکھوں کی بیماری سے نجات

سورہ یاسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگایا جائے تو ان شاء اللہ شفاء ہوگی

112: آنکھوں کے جالے کا علاج

سورہ تکویر پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے جالا دفع ہوگا۔

113: آنکھوں کی روشنی کا علاج

ہر نماز کے بعد اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگانے سے بصارت بڑھتی ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ○

(سورۂ ق، آیت 22، پارہ 26، رکوع 16)

114: نظر کی کمزوری کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ یا نور پڑھ کر شہادت کی انگلی پر پھونک کر آنکھوں پر پھیر لیں، نظر کی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

115: آنکھ کے پھڑکنے کا علاج

جس کی آنکھ پھڑکتی ہو اس کیلئے اس مبارک آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کرنا اور سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا ان شاء اللہ فوراً مرض اور تکلیف کو زائل کرتا

ہے۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ○ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ○ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ○
لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ○ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○
(سورۂ انشقاق، آیت 16 تا 20، پارہ 30، رکوع 9)

116: پھولا کے مرض کا علاج

اگر کسی کو پھولا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ہر روز گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے ان شاء اللہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

117: نکسیر کا علاج

مریض کی پیشانی پر ان کلمات کو لکھنے سے بھی ان شاء اللہ نکسیر بند ہو گی۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○

(سورۂ انعام، آیت 67، رکوع 27)

118: نکسیر سے خون بند کرنے کیلئے

جسے نکسیر ہو اسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ
اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ

(سورۂ ال عمران، پارہ4، رکوع6، آیت144)

119: نزلہ وزکام کا علاج

اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِهِ الۡكِتٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَلۡ لَّهٗ عِوَجًا ؕ

(سورۂ کہف، آیت1، پارہ15، رکوع13)

120: ناک کے درد کا علاج

ناک میں درد ہونے کی صورت میں مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ درد کو دور فرما دیتا ہے اور تکلیف سے آرام دے دیتا ہے۔

وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت105، پارہ15، رکوع12)

121: علاج برائے درد دانت

کسی کے دانت میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کریں درد فوراً ختم ہو گا مجرب ہے

وَقُلۡ جَآءَ الۡحَـقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا ۞ وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّـلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۙ وَلَا يَزِيۡدُ الظّٰلِمِيۡنَ اِلَّا خَسَارًا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت82-81، رکوع9)

122: علاج برائے درد داڑھ

کسی کے داڑھ میں درد ہو تو اس عمل کو کاغذ پر لکھ کر جس داڑھ میں درد ہو اس کے نیچے دبائے ان شاءاللہ درد جاتا رہے گا نہایت مجرب ہے۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَن يُّحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ٥ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَا اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ٥

(سورۂ یٰسین، آیت 79-78، پارہ 23)

123: دانت کے کیڑے کا علاج

جس کے دانت کو کیڑا لگ گیا ہو ایک کپڑے لیکر اسے زور سے مروڑے اور ساتھ ہی یہ الفاظ پڑھتا جاوے

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا

اور دم کرے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑا جائے تو چھوڑ دے اس طرح تین مرتبہ کرے ان شاءاللہ آرام آ جائے گا۔

124: دانت کے ہلنے کا علاج

لفظ لا یعلمون ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

☆☆☆

125: پائیوریا کے مرض کا خاتمہ

سورۂ مریم کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ سفید نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر اس نمک کو دانتوں پر ملیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر ہی پائیوریا کا مرض رفع ہو جائیگا۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا۝

(سورۂ مریم، آیت 1-2، پارہ 16، رکوع 4)

126: منہ کی پھنسیوں کا علاج

سورۂ کوثر اکیس مرتبہ بادام پر پڑھ کر اسے گھس کر پھنسیوں اور چھالوں پر لگایا جائے ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائیں گی۔

سورۃ الضحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کر کے چبانے سے ان شاء اللہ تمام پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائیں گے۔

سورۂ اخلاص چینی پر اکتالیس بار دم کر کے استعمال کرنا بھی چھالوں کیلئے مفید ہے۔

سورۃ الضحیٰ باوضو ہو کر اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور شہد پر دم کر دیں ایک چمچ شہد منہ پر رکھ کر چوس لیں ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آ جائے گا۔

127: زبان کی سوجن کا علاج

اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا

(سورۂ فاطر، آیت 41، پارہ 22، رکوع 17)

128: زبان بند ہو جانے کا علاج

سورۃ البقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے اندر اندر بند زبان کھل جائے گی اور اللہ تعالیٰ مرض سے مکمل طور پر شفا نصیب فرمائے گا۔

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

(سورۃ البقرہ، آیت 74، پارہ 1، رکوع 9)

☆☆☆

ہر روز فجر اور نماز مغرب کے بعد انتہائی یکسوئی اور توجہ کے ساتھ سورۃ والتین اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بند زبان کھل جائے گی۔

129: درد گردن کا علاج

بعد نماز فجر اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر گردن پر دم کیا جائے ان شاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

130: کان کے درد اور ورم کا علاج

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکائے ان شاء اللہ

درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت 36، پارہ 15، رکوع 4)

کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے ان شاء اللہ درد جاتا رہیگا مجرب ہے۔

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

131: بہرہ پن کا علاج

اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

(سورۂ اعراف، آیت 204، پارہ 9، رکوع 14)

132: کان بہنے کا علاج

سورۂ اعلیٰ باوضو ہو کر تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سات یوم کے اندر اندر کان بہنا بند ہو جائینگے اور مکمل طور پر شفا نصیب ہو گی۔

133: کان کے گونجنے اور بجنے کا علاج

کان میں جو گونج پیدا ہو جائے تو سورۂ اعلیٰ پڑھ کر اس پر دم کرنے سے وہ زائل ہو جائے گی۔

134: داغ دھبوں کا علاج

اگر بدن یا چہرے پر کوئی داغ دھبہ ہو اور اسے دور کرنا مقصود ہو تو اکتالیس مرتبہ دوا یا مرہم پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں اور پھر وہ دوا یا مرہم استعمال کریں ان شاء اللہ ہر طرح کا داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۝ (سورۂ البقرہ، آیت 71، پارہ 1، رکوع 8)

135: سینے کے درد کا علاج

سات مرتبہ آبِ زمزم پر یہ آیت پڑھ کر مریض کو پلایا جائے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ۝ (سورۂ یونس، آیت 57، پارہ 11، رکوع 11)

سورۂ فاتحہ شریف اور سورۂ الم نشرح باوضو ہو کر سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں سینے کے درد میں آرام آ جائے گا اگر کوئی خود پڑھنا چاہے تو اپنا دایاں ہاتھ سینے پر رکھتے ہوئے پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ سینے کا درد فوراً رفع ہو جائیگا۔

136: بلغم اور کھانسی کا علاج

اگر کسی کو کھانسی ہو جائے تو یہ آیت اکیس مرتبہ سادہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے

وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۝

(سورۂ ص، آیت 20، پارہ 23، رکوع 11)

اگر کسی کو کالی کھانسی ہو جائے تو سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورہ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائے ان شاء اللہ شفاء ہو گی مجرب ہے۔

علامہ دیربی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ جو شخص عارضہ بلغم میں مبتلا ہو اس کو چاہئے کہ نمک کی ساتھ چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے اور ان میں سے ہر ایک پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور سات روز نہار منہ اس کو استعمال کرے ان شاء اللہ اس عارضہ سے نجات پالے گا۔

137: پھیپھڑے کے درد کا علاج

اگر کسی کے پھیپھڑوں میں درد ہو یا پانی بھر گیا ہو تو اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل مریض پلایا جائے نہایت مجرب ہے۔

الرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ○ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ○ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ○ اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ○ وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ○ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ○ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ○ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ○ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ ○

(سورۂ رحمن، آیت 1 تا 19، پارہ 27، رکوع 11)

138: دل کے امراض کا علاج

سورہ الم نشرح کو سینہ پر دم کرنے سے تنگی اور درد دل کو سکون ہو۔

☆☆☆

یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ پر باندھا جائے اور اسی کو بارش کے پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلایا جائے ان شاءاللہ درد جاتا رہیگا بہت مجرب ہے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ○

(سورۂ اعراف، آیت 54، پارہ 8، رکوع 13)

139: جگر کی بیماریوں سے نجات کیلئے

جگر کی تمام بیماریوں کیلئے اکیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ○

(سورۂ رحمٰن، آیت 78، پارہ 27، رکوع 13)

140: بدہضمی کا علاج

اگر کوئی شخص زیادہ کھالے اور بدہضمی کا اندیشہ ہو تو کھانے کے بعد سات بار یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلایا جائے بدہضمی کیلئے مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت 105، پارہ 15، رکوع 12)

☆☆☆

141: پیٹ کے درد کا علاج

سورہ قصص اور سورہ لقمان پانی پر دم کر کے پلانا پیٹ کے درد کے لئے نہایت اکسیر ہے

142: دست آنے اور پیچش کا علاج

اگر کسی کو دست آتے ہوں تو سات دن تک یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے نہایت اکسیر ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ

(سورۂ نحل، آیت 128، پارہ 14، رکوع 22)

143: معدہ کی کمزوری کا علاج

سورۂ قدر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں' دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزروی کی شکایت دفع ہوجائے گی۔

سورۂ انشقاق تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفا نصیب ہوگی اور تین دن کے اندر اندر افاقہ ہوجائے گا۔

144: متلی و قے آنے کا علاج

یہ آیت لکھ کر نہار منہ سات روز پلا دیں ان شاء اللہ تکلیف دور ہوجائیگی۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ

الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

(سورۂ ہود، پارہ 12، آیت 44، رکوع 4)

گیارہ بار یہ آیت نمک پر دم کر کے چٹایا جائے ان شاء اللہ متلی آنا بند ہو جائیگی۔

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝ إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ۝ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا ۝ وَّكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً ۝ فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ۝ وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ ۝

(سورۂ واقعہ، آیت 1 تا 11، پارہ 27، رکوع 14)

اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ العزیز شفاء ہوگی اور خون آنا بند ہو جائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ۝ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

☆☆☆

145: بھوک کی کمی کا علاج

اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس مرتبہ یہ آیت کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے۔

وَالَّذِی ھُوَ یُطْعِمُنِی وَیَسْقِیْنِ

اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاءاللہ بھوک خوب لگے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَتُہٗ وَاَنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ ۝

(سورۂ نور، پارہ 18، آیت 10، رکوع 7)

146: بھوک کی زیادتی کا علاج

گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔

وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝

(سورۂ ذاریات، آیت 22، پارہ 26، رکوع 18)

147: ہچکی کا علاج

تین سانس میں پانی پیے اور ہر سانس پر سات مرتبہ یا حفیظ کہے ان شاءاللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

148: پیاس کی شدت کا علاج

صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

اگر پیاس زیادہ لگتی ہے تو یہ آیت سات بار پانی پر دم کر کے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْکَنّٰہُ فِی الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰی

ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۝ (سورۂ مومنون، آیت 18، پارہ 18، رکوع 2)

جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اسے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلایا جائے

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًاۢ بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ۝ (سورۂ فرقان، آیت 48، پارہ 19، رکوع 3)

☆☆☆

149: گردہ ومثانہ کے امراض

سورہ قریش کو کھانے پر دم کر کے کھلانا درد گردہ کیلئے نافع ہے۔

درد گردہ کیلئے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ بُشْرًاۢ بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝

(سورۂ اعراف، آیت 57، پارہ 8، رکوع 13)

150: پیشاب کی بندش کا علاج

اگر پیشاب آنا بند ہو گیا ہو تو اکہتر مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور لکھ کر گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا

وَاشۡرَبُوۡا مِن رِّزۡقِ اللّٰهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِي الۡأَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ٥

(سورۃ البقرہ، آیت 60، پارہ 1، رکوع 7)

151: پیشاب میں خون آنے کا علاج

سورہ قریش کھانا کھانے سے پہلے پڑھیں اور جو یہ چاہے کہ اسے یہ عارضہ کبھی لاحق نہ ہو تو وہ بھی کھانا کھانے سے پہلے سورہ قریش پڑھ لیا کرے اس عمل کا معمول بنا لینے سے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ اس عارضہ سے محفوظ رہے گا۔

152: پیشاب زیادہ آتا ہو تو

پیشاب بکثرت آتا ہو تو اکتالیس بار یہ آیت چینی پر دم کر کے چٹانے سے یہ مرض جاتا رہے گا۔

وَأَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَأَسۡكَنَّاهُ فِي الۡأَرۡضِ ۖ وَإِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقَادِرُوۡنَ٥ (سورۂ مومنون، آیت 18، پارہ 18، رکوع 2)

☆☆☆

سورۂ فاتحہ تلوں پر اکیس مرتبہ دم کر کے گیارہ دن تک کھلایا جائے ان شاءاللہ کثرت پیشاب کا مرض ختم ہو جائیگا۔

☆☆☆

153: سستی و نامردی کا علاج

ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ کے مندرجہ ذیل الفاظ مبارک ایاك نعبد

وایاك نستعین تین سومرتبہ پڑھیں یہ عمل ایک سوبیس دن تک کریں ان شاءاللہ تعالیٰ سستی نامردی کا عارضہ دفع ہوجائے گا۔

154: جریان کا علاج

جریان کے مریض کوسورہ حجرات تین بار پانی پردم کرکے اکتالیس روزتک پلایا جائے ان شاءاللہ شفاء ہوجائیگی۔

(سورۂ حجرات، پارہ26،رکوع13-14)

155: کثرت احتلام کا علاج

بستر پر جاتے وقت تین مرتبہ سورۂ طارق پڑھ لیا کرے توکبھی کثرت احتلام کا مرض نہیں ہوگا اوراگر پہلے سے یہ مرض ہوتو بالکل ختم ہوجائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

156: آتشک کا علاج

سورۂ تکویر آب زمزم پردم کرکے پلانا آتشک کیلئے بہت مفید ہے۔

☆☆☆

ایک سوایک مرتبہ یہ آیات پانی پردم کرکے اکتالیس روزتک پلایا جائے ان شاءاللہ آتشک کا مرض جاتا رہے گا۔

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا۝ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا۝

(سورۂ نازعات، آیت1 تا5، پارہ30، رکوع3)

157: کثرت حیض کا علاج

حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورہ دھر پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاءاللہ خون کا آنا بند ہو جائیگا۔

158: زیر ناف (پیڑو کے) درد کا علاج

جو عورت زیر ناف کے درد میں مبتلا ہو اس کو یہ آیت مکرم 21 مرتبہ دم کر کے پلاوے اللہ تعالیٰ شفاء دے گا۔

نَحۡنُ خَلَقۡنٰھُمۡ وَشَدَدۡنَآ اَسۡرَھُمۡ وَاِذَا شِئۡنَا بَدَّلۡنَآ اَمۡثَالَھُمۡ تَبۡدِیۡلًا ○

(سورۂ دہر، آیت 28، پارہ 29، رکوع 20)

159: دودھ کی کمی کا علاج

جس عورت کے دودھ کی کمی ہو یا دودھ خشک ہو گیا ہو اس کو جاری کرنے کے لئے اول وآخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کرے اور اپنے کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال کرے ان شاءاللہ دودھ بڑھ جائے گا۔

مَثَلُ الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَھُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنۡۢبَتَتۡ سَبۡعَ سَنَابِلَ فِیۡ کُلِّ سُنۡۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ○ (سورۂ بقرہ، آیت 261، پارہ 3)

160: بانجھ پن کا علاج

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اسے چاہیے کہ متواتر تین ماہ تک گھول کر پیا کرے ایام حیض میں چھوڑ دے جب پاک ہو جائے پھر شروع کرے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

(سورۃ آل عمران، آیت 6-5، پارہ 3)

161: اولاد نرینہ کیلئے

شروع مہینہ حمل میں اگر عورت کی داھنی پسلی پر سورہ اعلیٰ لکھ دیں تو ان شاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہو

162: بواسیر کا علاج

دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد الم نشرح دوسری رکعت میں الم ترکیف اور بعد سلام پھیرنے کے ستر بار یہ کہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ ۝ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ رَبِّيْ

جب تک بواسیر کی شکایت رہے روزانہ کرتا رہے ان شاء اللہ شفاء ہوگی ہر قسم کے بواسیر کیلئے مجرب ہے۔

☆☆☆

سورہ اعلیٰ نماز کے بعد پڑھا کرے ان شاء اللہ ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی۔

163: درد کو دور کرنے کیلئے

داہنے بازو میں درد ہو تو تین بار یہ آیت پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کیا جائے ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ

(سورۃ الحاقہ، آیت 19، پارہ 29)

☆☆☆

جس کے بائیں بازو میں درد ہو اسے یہ آیت لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھا جائے ان شاء اللہ درد جاتا رہیگا

وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ۝ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ۝

(سورۃ الواقعہ، آیت 27-28)

164: درد ران اور درد پنڈلی کا علاج

یہ آیت 21 مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانا ران کے درد میں بہت نافع ہے۔

اللَّهُ الَّذِي أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ
وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ۝

(سورۂ شوریٰ، آیت 17، پارہ 25، رکوع 3)

☆☆☆

165: انگلیوں کے درد کا علاج

انگلیوں پر کسی طرح کی تکلیف ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت تل کے تیل پر دم کر کے انگلیوں پر

مالش کیا جائے ان شاء اللہ تمام تکلیف دور ہو جائیگی۔

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ

(سورۂ واقعہ، پارہ 27، آیت 19، رکوع 14)

☆☆☆

اگر پاؤں کی انگلیوں میں کوئی تکلیف ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مجرب ہے۔

قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝

(سورۂ نمل، آیت 32، پارہ 19، رکوع 18)

166: پاؤں کے جملہ امراض کا علاج

پاؤں میں کسی طرح کی تکلیف ہو تو گیارہ مرتبہ ان آیات کو تیل پر دم کر کے مالش کیا جائے ان شاء اللہ تمام تکالیف دور ہو جائیگی۔

اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

167: بخار کا علاج

بخار کے مریض کے پشت پر انگلی سے کلمات اذان لکھیں ان شاءاللہ فوراً بخار اتر جائیگا۔

الحمد شریف چالیس بار پانی پر دم کر کے بخار والے کے منہ پر چھینٹا دے ان شاءاللہ بخار دفع ہوجائیگا۔

168: سردی کے بخار کا علاج

سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پانی پر دم کر کے پلائے ان شاءاللہ سردی کا بخار جاتا رہیگا اور مریض اچھا ہوجائیگا اس عمل کو تین روز یا سات روز تک کیا جائے بخار سے ایک یا دو گھنٹہ قبل پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا

(سورۂ اعراف، آیت 143، رکوع 7)

169: گرمی کے بخار کا علاج

اگر کسی کو گرمی سے بخار آتا ہوتو اس آیت کو 3 مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھوکر پلادیں ان شاءاللہ صحت ہوگی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ

تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ○

(سورۂ اعراف، آیت 201، پارہ 9، رکوع 14)

170: سرسام (دماغ کے بخار) کا علاج

سرسام کے شدید حملے کی صورت میں دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے سر پر انگشت شہادت رکھے اور اکیس بار سورۃ الشعراء کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مرض کا زور ٹوٹ جائے گا اور افاقہ ہو جائے گا۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝

(سورۃ الشعراء، آیت 191-194، پارہ 19)

171: یرقان سے نجات

سورہ سبا (پ ۲۲) یرقان کے مریض کو دم کر کے پلانا اور منہ پر اس پانی کا چھڑکنا مفید ہے

تین سو بار اسم باری تعالیٰ یَاحَسِیْبُ پانی پر دم کر کے اکیس دن تک پلانے سے ان شاء اللہ یرقان ختم ہو جائیگا۔

172: چیچک کا علاج

سات دانے سالم چاول کے (یعنی چاول کا دانہ ٹوٹا ہوا نہ ہو) لیکر ہر ایک دانہ پر سورہ کوثر پڑھ کر دم کرے اور بیمار کو بلا چبائے سالم کھلائے ان شاء اللہ جو دانے نکل آئے ہیں ان سے زیادہ نہ نکلیں گے اور جو نکلے ہیں وہ بھی جلد درست ہو جائیں گے۔

173: خارش کا علاج

روزانہ صبح وشام اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پینا خارش کیلئے مفید ہے۔

فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

(سورۂ مومنون، آیت 14، پارہ 18، رکوع 1)

☆☆☆

سیدنا حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صبح وشام سات سات مرتبہ سورۂ قدر پانی پر دم کر کے پلانا خارش کیلئے بہت مفید ہے۔

اِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ○ وَمَا اَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ○ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ○ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ أَمْرٍ ○ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○

174: جزام کا علاج

ابن قتیبہ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کو جزام کا مرض ہو گیا تھا جس سے اسکا گوشت بھی کٹ کر گرنے لگا تھا اس نے کسی بزرگ سے اپنی بیماری کے متعلق عرض کیا تو انہوں نے یہ آیت پڑھ کر دم کیا جس سے وہ اچھا ہو گیا۔

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ○

(سورۃ الانبیاء، آیت 83)

جس کسی کو برص یا جذام کی بیماری ہو تو چاہئے کہ اس دعا کو سات بار پانی کے اوپر دم کر کے مٹی کے سرخ لوٹے میں اس پانی کو ڈال دے اور اس پانی کو سات روز یا چالیس روز تک پیئے ان شاء اللہ آرام آ جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاسِعُ الرَّحِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

175: ناسور (کینسر) کا علاج

فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم، رحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۂ فاتحہ پڑھنا پھر کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا

(سورۃ البقرہ، آیت 71، رکوع 8)

جو پھنسی یا ناسور اور تنگ زیبی اچھی نہ ہوتی ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں اس آیت شریف کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کیا جائے اور وہ زخم پر لگائی

جائے ان شاءاللہ دس روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔

176: لقوہ کا علاج

یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر لقوہ کے مریض کے گلے میں ڈالا جائے ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔

قَدۡ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجۡهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبۡلَةً تَرۡضٰهَا فَوَلِّ وَجۡهَكَ شَطۡرَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ

(سورۃ البقرہ، آیت 144، رکوع 1)

اسی آیت کو ایک سو ایک بار پانی پر دم کر کے لقوہ کے مریض کو پلائے۔

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے کبھی بھی لقوہ کا مرض لاحق نہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الشّمس پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اسے لقوہ سے محفوظ رکھے گا اور وہ کبھی بھی اس مرض کا شکار نہ ہوگا۔

177: ہر قسم کے درد کا علاج

وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا

(سورۂ بنی اسرائیل، آیت 105)

ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے ان شاءاللہ بہت جلد صحت ہوگی۔

سورۂ فاتحہ فجر کے سنت و فرض کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر دم کرنے سے ہر قسم کا درد جاتا رہیگا۔

178: طاعون اور ہیضہ کا علاج

ایک مرتبہ ملتان میں طاعون پھیلا' شیخ تمیمی نے اپنے معتقدین سے ارشاد فرمایا کہ طاعون کے مریض پر فاتحہ بوصل بسم اللہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کر دیا کرو چنانچہ اکتالیس بار پڑھ کر جس جس پر دم کیا گیا اللہ تعالیٰ نے اس مریض کو شفاء بخشی۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

ایام وباء میں روزانہ اٹھائیس مرتبہ پڑھنا وباء سے محفوظ کر دیتا ہے۔

کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے کے سر پر چپکا دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا

☆☆☆

179: بلڈ پریشر کا علاج

ہر طرح کے بلڈ پریشر کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ○اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ○

(سورۂ رعد، آیت 28-29، پارہ 13)

180: بے خوابی کا علاج

1۔ سوتے وقت گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ لینے سے خوب نیند آئے گی۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

(سورۂ احزاب، آیت 56)

2۔ نیند کے اچاٹ ہوجانے کے دفیعہ کیلئے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے نہایت مجرب ہے۔

یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ○ قُمْ فَاَنْذِرْ ○ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ○ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ○ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ○ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ○ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ○

(سورۂ مدثر، آیت 1 تا 7)

☆☆☆

3۔ ستر پر لیٹ کر آنکھیں بند کرکے سورۂ اعراف کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ بے خوابی کا مرض دور ہوجائے گا۔

☆☆☆

181: نیند کی زیادتی کا علاج

اگر کسی کو نیند زیادہ آتی ہو تو سوتے وقت یہ آیتیں پڑھے اور اللہ سے نیند کی کمی کا سوال کرے۔ ان شاء اللہ نیند کم ہوجائیگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ یُغۡشِی الَّیۡلَ النَّہَارَ یَطۡلُبُہٗ حَثِیۡثًا وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمۡرِہٖ اَلَا لَہُ الۡخَلۡقُ وَالۡاَمۡرُ تَبٰرَکَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ اُدۡعُوۡا رَبَّکُمۡ تَضَرُّعًا وَّخُفۡیَۃً اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الۡمُعۡتَدِیۡنَ ○ وَلَا تُفۡسِدُوۡا فِی الۡاَرۡضِ بَعۡدَ اِصۡلَاحِہَا وَادۡعُوۡہُ خَوۡفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحۡمَتَ اللّٰہِ قَرِیۡبٌ مِّنَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ○

(سورۃ الاعراف، آیت 54، تا 56)

182: بے ہوشی کا علاج

جو کوئی بیماری یا کسی اور وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو تو اسے ہوش میں لانے کیلئے باوضو ہو کر سورۃ النجم کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور بے ہوش کے چہرے پر ہلکے ہلکے چھینٹے ماریں ان شاء اللہ تعالیٰ بے ہوشی ختم ہو جائے گی اور ہوش آ جائے گا۔

فَغَشّٰىہَا مَا غَشّٰی ○ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکَ تَتَمَارٰی ○ ہٰذَا نَذِیۡرٌ مِّنَ النُّذُرِ الۡاُوۡلٰی ○ اَزِفَتِ الۡاٰزِفَۃُ ○ لَیۡسَ لَہَا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃٌ ○ اَفَمِنۡ ہٰذَا الۡحَدِیۡثِ تَعۡجَبُوۡنَ ○ وَتَضۡحَکُوۡنَ وَلَا تَبۡکُوۡنَ ○ وَاَنۡتُمۡ سٰمِدُوۡنَ ○

(سورۃ النجم، آیت 54 تا 61، پارہ 27، رکوع 7)

183: نشہ کرنے کا علاج

جو شخص شراب افیون کسی قسم کا نشہ یا حقہ وغیرہ چیزوں کا استعمال چھوڑنا چاہے وہ شخص روزے رکھ کر اکیس روز تک اس مبارک آیت کو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ نہایت باادب ہو کر پڑھے ان شاء اللہ ساری بری خصلتیں گناہ کی عادتیں، یک لخت زائل ہو جائیں گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يَوۡمَ لَا يُخۡزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ‌ نُوۡرُهُمۡ يَسۡعٰى بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَبِاَيۡمَانِهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا‌ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ○

(سورۂ تحریم، آیت 8، پارہ 28، رکوع 20)

184: بچے کا دودھ چھڑوانا

یہ دعا زعفران سے لکھ کر چند روز پلائیں، بچہ دودھ چھوڑ دے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡمَتِيۡنُ الَّذِىۡ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ بِقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ

بِرَحۡمَتِكَ يَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِيۡنَ

✲ ✲ ✲

185: بچے کے نہ بولنے کا علاج

اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے اس کو روزانہ اکیس روز تک ان آیتوں کو لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مجرب و مفید ہے ان شاء اللہ اکیس روز کے عرصہ میں بولنے لگے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

اِنِّیۡ عَبۡدُ اللّٰہِ ؕ اٰتٰنِیَ الۡکِتٰبَ وَ جَعَلَنِیۡ نَبِیًّا ۙ﴿۳۰﴾ وَّ جَعَلَنِیۡ مُبٰرَکًا اَیۡنَ مَا کُنۡتُ ۪ وَ اَوۡصٰنِیۡ بِالصَّلٰوۃِ وَ الزَّکٰوۃِ مَا دُمۡتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾ وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیۡ ۫ وَ لَمۡ یَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا شَقِیًّا ﴿۳۲﴾ وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَ یَوۡمَ اَمُوۡتُ وَ یَوۡمَ اُبۡعَثُ حَیًّا ﴿۳۳﴾ (سورۂ مریم، آیت 30 تا 33، پارہ 16)

☆☆☆

186: بستر پر پیشاب کرنے کا علاج

اگر پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو تو سات مرتبہ یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

وَ قِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ

(سورۂ ہود، آیت 44، پارہ 12، رکوع 4)

187: برائے پیغام نکاح

1۔اس آیت کریمہ کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں ان شاءاللہ جہاں پیغام نکاح بھیجیں گے منظور ہوگا۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

2۔اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی شادی ہو جائے تو تین سو تیرہ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس روز تک اس آیت کو پڑھے اور اول آخر میں جو درود اسے یاد ہو گیارہ گیارہ بار پڑھے آیت یہ ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ○

188: برائے محبت زوجین

جس کا شوہر ناراض ہو وہ اپنے شوہر کو یہ آیت مٹھائی پر دم کر کے کھلائے ان شاءاللہ اس کی ناراضگی دور ہو جائے گی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ

189: حیض جاری کرنے کے لئے

تمام فرض نمازوں کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں

وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ (پارہ 28 سورۃ الطلاق آیت 4)

***

190: حمل ٹھہرانے کے لئے

سورۃ الحج روزانہ پڑھا کریں۔ ان شاءاللہ حمل محفوظ رہے گا۔

191: بانجھ پن/ اولاد نہ ہونا

عورت عشاء کی نماز کے بعد 111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پیئے اور شوہر کو بھی پلائے۔ عمل کی مدت 90 یوم ہے۔ عورت یہ عمل حالت پاکی میں کرے۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ

(پارہ 30 سورۃ العلق آیت 1 تا 2)

حٰمٓ ○ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ (پارہ 12 سورۃ یوسف آیت 1)

☆☆☆

192: میاں بیوی اور اولاد میں الفت کیلئے

تینتیس مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے سب کو کھلائیں ان شاءاللہ تمام افراد خانہ میں الفت ومحبت

قائم رہے گی۔

يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ ۝

(پارہ 6 سورۃ المائدہ آیت 54)

193: شادی میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے

عموماً گھروں میں لڑکیوں کے رشتہ آتے ہیں۔ مگر بات نہیں بنتی اور بظاہر اور کوئی وجہ بھی نہیں ہوتی مگر بات بنتے بنتے بلاوجہ ہی ختم ہوجاتی ہے۔ اس صورت حال میں گیارہ مرتبہ دن میں یہ آیات پڑھ کر دعا مانگیں ان شاء اللہ رکاوٹ دور ہوجائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(سورۃ البقرہ، آیت 1 تا 5، پارہ 1، رکوع 1)

194: تمام افراد خانہ میں الفت کیلئے

گھر کے تمام افراد اگر آپس میں لڑتے رہتے ہوں تو ان آیات کو سات مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ آپس میں الفت قائم ہوجائے گی۔

هُوَ الَّذِیٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ○ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ○

(پارہ 10 سورۃ الانفال آیت 62 تا 63)

195: نظر کی کمزوری

وضو کے بعد آسمان کی طرف منہ کرکے ایک مرتبہ سورۂ قدر پڑھیں اور دونوں ہاتھوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر لیں یہ عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ بصارت تیز ہو جائے گی اور آنکھوں کی دیگر بیماریوں سے بھی محفوظ رہیں گے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ○ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ○ لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ○ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ○ سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○

(پارہ 30 سورۃ القدر)

196: پیشاب بند ہو جانا

ایک کاغذ پر درج ذیل آیت لکھ کر تعویذ بنا لیں اور ناف پر باندھ دیں' ان شاء اللہ تعالیٰ پیشاب فوراً جاری ہو جائے گا۔ شفاء کے بعد تعویذ کھول دیں۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ○ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی

الْمَاءُ عَلٰٓی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ○

(پارہ 27 سورۂ قمر آیت 11 تا 12، رکوع 8)

197: ہڈی بڑھنا

رات کو سونے سے پہلے سو (100) مرتبہ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی نوے (90) روز تک پئیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ○

(سورۂ عصر، آیت 2، پارہ 30)

198: جسم کے کسی بھی حصہ میں درد کی دعا

درد جس جگہ ہو اس جگہ پر سات بار پڑھ کر دم کریں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّہِمْ یَعْدِلُوْنَ ○

(پارہ 7، سورۂ انعام آیت 1، رکوع 7)

199: دل کی گھبراہٹ کیلئے

گیارہ مرتبہ درج ذیل پڑھ کر دم کیا ہوا پانی پئیں / پلائیں۔ ان شاء اللہ دل کی گھبراہٹ ختم

ہوجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

وَلِيَرۡبِطَ عَلٰى قُلُوۡبِكُمۡ وَيُثَبِّتَ بِهِ الۡاَقۡدَامَ ○

اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ○

(پارہ 9، سورۃ انفال آیت: 11 رکوع 16)

(پارہ 13 سورۂ رعد آیت 28، رکوع 10)

200: ہڈی جوڑنے کیلئے

تین روز تک پڑھ کر بار بار دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ٹوٹی ہوئی ہڈی یا کریک ہونے والی ہڈی جڑ جائے گی۔

فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ○ (سورۂ توبہ، آیت 129، پارہ 11، رکوع 5)

201: پیچش کا علاج

طلوع آفتاب سے قبل ایک گلاس پانی پر دم کر کے نہار منہ پئیں اور آدھے گھنٹے تک کوئی بھی کھانے کی چیز استعمال نہ کریں۔ عمل اکیس روز تک مکمل کریں۔ ان شاء اللہ پرانی پیچش بھی ختم ہوجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمًا

202: ناف درست کرنے کے لئے

لکھ کر ناف پر باندھیں۔ان شاءاللہ ناف اپنی جگہ آ جائے گی۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

(پارہ 2' سورۃ البقرہ آیت 178، رکوع 6)

203: بے ہوشی دور کرنے کیلئے

ایک بار پڑھ کر دم کیا ہوا پانی مریض کے حلق میں ڈالیں اور اسی پانی کے منہ پر چھینٹے مار یں۔

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ○

204: چلنے سے معذور کے لئے

صبح' دوپہر اور شام تینوں وقت ایک سو ایک بار پڑھ کر متاثرہ جگہ پر دم کریں۔عمل ۴۰ روز جاری رکھیں۔

وَتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا○

(پارہ 27 سورۂ طور آیت 10، رکوع 3)

اَلْقَاسِمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ، یَا اَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْماً.

4 ۔درود ناریہ کی فضیلت

حضرت شیخ عارف محمد حقی آفندی علیہ الرحمہ نے اس درود شریف کوخزینۃ الاسرار میں ذکر کیا۔اور امام قرطبی علیہ الرحمہ سے نقل کیا کہ جو شخص ہر روز 41 مرتبہ یا100 سے زیادہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے رنج وغم کو دور فرمائے گا اور اس کی سختیوں اور تنگیوں کو ختم کردے گا اور اس کے کاموں کو آسان اور دل کو روشن فرمادے گا اور اس کے قدر کو بلند اور حال کو اچھا کردے گا اور رزق وسیع ہوگا اور اس پر خیرات وحسنات کے دروازے کھل جائیں گے اور زمانہ کے حوادثات اور فقر و غربت کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا۔لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت بڑھ جائے گی اور اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگے گا وہ سب کچھ ملے گا، بشرطیکہ اس درود شریف پر مداومت کرے اور یہ درود اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں ایک خزانہ ہے۔کتاب مذکور ایک دوسرے مقام میں ذکر کیا کہ مجرب درودوں میں سے یہ درود تفریحیہ قرطبیہ ہے جسے مغاربہ درود ناریہ کہتے ہیں کیونکہ جب وہ کسی مطلوب کی تحصیل کا ارادہ کرے یا خوفناک چیز کے دفعہ کا تو مجلس میں جمع ہوکر چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ اس درود شریف کو پڑھتے اور بہت جلد اپنے مطلوب کو حاصل کرلیتے اور اہل اسرار سے مفتاح الکنز المحیط لنیل مراد العبید کہتے ہیں۔

شیخ محمد سنوسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی ہمیشہ ہر روز گیارہ مرتبہ اسے پڑھے گا تو اس کے لئے آسمان سے رزق اترے گا اور امام دینوری علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جو شخص اس درود ناریہ کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے تو مطلوب حاصل کرے اور جو کوئی ہر روز صبح کی نماز کے بعد 41 مرتبہ پڑھے تو مراد کو پہنچے۔

جو شخص ہر روز 313 دفعہ پڑھے گا تو اس کے لئے اسرار منکشف ہوں گے اور جس چیز کا ارادہ کرے گا، اسے دیکھے گا اور جو کوئی ہمیشہ اسے ہر روز 1000 بار پڑھے تو وہ نعمتیں پائے جن کو نہ آنکھوں نے دیکھا، نہ کانوں نے سنا اور نہ کسی کے دل میں ان کا خیال گزرا۔

امام قرطبی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جو شخص کسی عظیم مطلوب کو حاصل کرنا چاہے یا کسی بڑی بلا کو دفع کرنا چاہے تو وہ اس درود شریف کو 4444 مرتبہ پڑھ کر نبی پاک ﷺ سے توسل کرے تو مطلوب و مراد حاصل ہو۔

(بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 164)

درود ناریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَآئِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّ نَفْسٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ یَآ اَللّٰہُ ۝

☆☆☆

5۔درود العابدین کی فضیلت

یہ درود شریف نہایت ہی عجیب اور خواص کا وظیفہ ہے۔حضرت معروف کرخی علیہ الرحمہ ایک باکمال بزرگ اور صوفی نے اس درود شریف کی کئی خاصیتیں بیان کی ہیں جن کے پڑھنے سے عقل حیران ہو جاتی ہے۔

حضرت معروف کرخی علیہ الرحمہ کے وظائف میں سب سے اول یہ درود شریف تھا۔آپ ہر وقت درود العابدین پڑھتے تھے۔اسی وجہ سے صوفیائے کرام میں آپ کا درجہ بہت بلند ہے اور آپ بہت بڑے عابد تھے۔

دلائل الخیرات میں بھی ذکر آیا ہے کہ آپ کا سب سے بڑا وظیفہ یہ ہی تھا۔اس درود شریف کے ورد سے کئی کمالات کشف کھلتے ہیں۔پڑھنے والے کا مرتبہ بلند تر ہو جاتا ہے۔

ہر مشکل کے وقت جب سفینہ بھنور میں پھنس جائے تو ہر کام کو آسان کرنے کے لئے اس کو باوضو پڑھنا چاہئے۔بڑا عجیب درود ہے۔ہر کام میں کامیابی نصیب ہوتی ہے اور مرادیں حاصل ہوتی ہیں۔

درود العابدین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَمُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَاجْزِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَمِلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ اْلاٰخِرَۃِ ؁

6۔ تین سو تیرہ کا عدد

☆......حضرت علامہ مولانا شہاب الدین خفا جی علیہ الرحمہ شفاء شریف کی شرح میں فرماتے ہیں کہ جو کثرت سے درود شریف نہ پڑھ سکے تو کم از کم تین سو تیرہ مرتبہ ضرور پڑھے۔ یہی کثرت سے درود سمجھا جائے گا۔

☆......مرزع الحسنات میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تین سو تیرہ کے عدد میں خاص تاثیر رکھی ہے۔ جہاں یہ عدد پایا جاتا ہے، فلاح اور خیر و برکت پائی جاتی ہے۔

☆......غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے صحابہ کرام علیہم الرضوان کی تعداد تین سو تیرہ تھی جنہوں نے کفار کے لشکر کو شکست دی۔

☆......حضرت طالوت رضی اللہ عنہ کا لشکر جس نے جالوت اور اس کے ساتھیوں کو مار بھگایا، وہ بھی تین سو تیرہ تھے۔

7۔درودِاوّل کی فضیلت

درود اول بہت افضل درود پاک ہے۔اس درود پاک کو پڑھنے والا محروم نہ ہوگا۔اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والے کو بیماریوں اور تکالیف سے نجات دیتا ہے، دینی ودنیاوی کامیابی دیتا ہے اوراس درود پاک کا یہ خاص فائدہ ہے کہ اس کو اگر کوئی کثرت سے پڑھے گا تو ان شاءاللہ ہر برائی اس سے چھوٹ جائے گی۔عبادت میں لطف آئے گا اور آدمی عابد اور پرہیزگار بن جائے گا۔

دین سے دلچسپی رکھنے والے حضرات اگر چاہیں کہ ان کی منزلیں جلد از جلد طے ہوجائیں تو اس درود کا زیادہ سے زیادہ ورد کریں۔منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے یہ زینہ ہے۔

درود اول

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفضَلِ اَنۢبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِيَآئِكَ مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

8۔درودِافضل کی فضیلت

حضرت علامہ امام سخاوی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب القول البدیع میں ایک روایت درج کی ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی زوجہ محترمہ ام المومنین حضرت جویریہ بنت

الحارث رضی اللہ عنہا کو فرمایا کہ اگر کوئی شخص یہ حلف اٹھائے کہ میں حضور ﷺ پر افضل ترین درود بھیجوں گا تو اسے چاہئے کہ یہ درود پڑھے، اس لئے اسے افضل درود کہا جاتا ہے۔لہٰذا جو شخص یہ چاہے کہ اس پر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی رحمت رہے، وہ اس درود پاک کو ہر روز 41 مرتبہ پڑھے۔اگر کوئی شخص اسے فجر کی نماز کے بعد 100 مرتبہ 40 دن تک پڑھے تو اس کی ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

درود افضل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ

9۔درود تریاق امراض کی فضیلت

نزہت المجالس میں لکھا ہے کہ بعض صلحاء میں سے ایک صاحب نے عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین بن ارسلان (جو بڑے زاہد اور عالم تھے) کو دیکھا اور ان سے اپنے مرض اور تکالیف کی شکایت کی۔انہوں نے فرمایا، تریاق مجرب سے کہاں غافل ہو، یہ درود پڑھا کرو۔

جو شخص یہ درود کثرت سے پڑھے، اس کی روح اور دل زندہ ہو جائے گا اور اسے دنیا میں غیر فانی مقام حاصل ہوگا۔اور اس کی قبر ہمیشہ روشن رہے گی اور اس کے جسم کو قبر میں مٹی نہیں

کھائے گی۔اس لئے یہ درود ایسا روحانی نسخہ ہے کہ جسے پڑھنے سے آخرت سنور جاتی ہے۔

درود تریاق امراض

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْقُبُوْرِ۔

10۔ایمان پر خاتمے کے لئے درود شریف

فضیلت= جو شخص مغرب کی نماز کے بعد کسی سے گفتگو کئے بغیر اس درود پاک کو پڑھے، ان شاء اللہ اسے ایمان کی حالت میں موت آئے گی (افضل الصلوات،ص318)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ۔

☆☆☆

11۔اُمتی اور نبی پاک ﷺ کی قبر

کے درمیان حجاب کھولنے والا درود

فضیلت= جوشخص روزانہ 33 مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کی قبر اور رسول رحمت ﷺ کی قبر مبارک کے درمیان پردے ہٹادے گا (افضل الصلوٰت، ص 243)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَاءً وَلِحَقِّهٖ اَدَاءً

12۔ درود حاجت

فضیلت= جوشخص چالیس روز تک کثرت کے ساتھ یہ درود پاک پڑھتا رہے، اس کی ہر مشکل آسان ہوجائے گی اور جس نیک مقصد کے لئے پڑھے گا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس میں بامراد ہوگا (افضل الصلوٰت، ص 252)

☆☆☆

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْتَبُ بِهَا السُّطُوْرُ، وَتُشْرَحُ بِهَا الصُّدُوْرُ وَ تَهُوْنَ بِهَا جَمِيْعُ الْاُمُوْرِ بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

13۔ فصل کی آسمانی اور زمینی آفات

سے حفاظت کیلئے درود

فضیلت = امام قرطبی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ فصل میں بیج بوتے وقت یہ دعا و درود پڑھ لینا چاہیئے۔ اس کی برکت سے فصل ہر طرح کی آفت اور کیڑے سے محفوظ رہے گی (افضل الصلوٰت، ص 201)

اَفَرَاَیْتُم مَّا تَحْرُثُوْنَ. ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنَا ثَمَرَهٗ وَ جَنِّبْنَا ضَرَرَهٗ وَاجْعَلْنَا لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشّٰاكِرِيْنَ

14۔ جان کنی کے وقت آسانی کیلئے درود

فضیلت = یہ درود شریف آشوب چشم اور جان کنی میں آسانی کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔ کثرت سے پڑھتا رہے (افضل الصلوٰت، ص 303)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْكَامِلِ، وَعَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ الْمُطَوَّقِ بِالنُّوْرِ، رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا سَمِيْعَ الدُّعَاءِ يَا لَطِيْفاً بِمَا يَشَاءُ نَوِّرِ اللّٰهُمَّ عَلَيْنَا قُلُوْبَنَا وَقُبُوْرَنَا وَاَبْصَارَنَا وَبَصَائِرَنَا بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

15۔درود دیدار مصطفی ﷺ

فضیلت = نبی پاک ﷺ کا فرمان ہے کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے، اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا، وہ مجھے قیامت کے دن بھی دیکھے گا اور جو مجھے قیامت کے دن دیکھ لے گا، میں اس کی شفاعت کروں گا اور میں جس کی شفاعت کروں گا وہ حوض کوثر سے پانی پئے گا اور اس کے جسم کو اللہ تعالیٰ دوزخ پر حرام کر دے گا (بحالہ: کشف الغمہ عن جمیع الامۃ، جلد اول، ص 325) (افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 234، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔

16۔درود بخشش

فضیلت = کسی شخص نے حضرت امام شافعی علیہ الرحمہ کو وصال کے بعد خواب میں دیکھا اور حال دریافت کیا تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس درود پاک کی برکت سے میری بخشش فرمادی (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 267، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ۔

17۔درود خیر و برکت

فضیلت = حضرت علامہ مولانا اسمٰعیل حقیؒ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں جو شخص اس درود پاک کو

پڑھے گا، اس کا مال و دولت بڑھتا رہے گا

(تفسیر روح البیان، الاحزاب: 56، جلد 7، ص 233)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

☆☆☆

18۔ درود تنجینا کی فضیلت

علامہ ابن فاکہانی علیہ الرحمہ کتاب ''الفجر المنیر'' میں اس درود شریف کے بارے میں ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ پارسا شیخ موسیٰ ضریر علیہ الرحمہ نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ بذریعہ کشتی سمندری سفر پر روانہ ہوئے، راستے میں شدید طوفان آ گیا جسے اقلابیہ (الٹ پلٹ کر دینے والی) کہتے ہیں۔ بہت کم لوگ ہیں جو اس طوفان میں پھنس کر ڈوبنے سے بچتے ہیں، لوگ ڈوبنے کے خوف سے چیخ و پکار کرنے لگے، مجھے نیند آ گئی۔ خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے فرمایا۔ کشتی والوں سے کہو کہ وہ ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ

جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

پڑھیں۔ میں بیدار ہوا اور کشتی والوں کو خواب بیان کیا۔ ہم نے مل کر تین سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے طوفان سے نجات عطا فرما دی (بحوالہ: مطالع المسرات، ص 471)

شیخ مجدد الدین فیروز آبادی صاحب قاموس نے، شیخ حسن بن علی اسوانی کے حوالے سے بیان کیا کہ جو شخص یہ درود پاک (درود تنجینا) کسی بھی مشکل، آفت یا مصیبت میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس مشکل کو آسان فرما دے گا اور اس کا مقصد پورا فرما دے گا۔

(بحوالہ: مطالع المسرات، ص 471)

19۔ درود نایاب

فضیلت = حضرت امام عبدالوہاب شعرانی مصری علیہ الرحمہ نے بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم نور مجسم ﷺ مسجد میں جلوہ فرما تھے کہ آپ کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا ''سلام ہو تم پر اے بلند عزت والے اور وسیع کرم والے'' تو نبی پاک ﷺ نے اسے اپنے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھایا جس پر تمام حاضرین متعجب ہوئے تو رسول پاک ﷺ نے فرمایا۔ بے شک جبریل علیہ السلام نے مجھے بتایا کہ یہ شخص مجھ پر ایسا درود پڑھتا ہے جو اس سے قبل کسی نے مجھ پر نہیں پڑھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! وہ کیسے درود پڑھتا ہے تو نبی پاک ﷺ نے اس درود شریف کا ذکر فرمایا۔

☆☆☆

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَفِى الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

(بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 235، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

20۔ درود محبت

فضیلت = حضرت امام عبدالوہاب شعرانی علیہ الرحمہ نے بیان کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس نے یہ درود پڑھا تو اس نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے 70 دروازے اپنی ذات پر کھول لئے اور اللہ تعالیٰ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔ پس اس شخص سے وہی آدمی بغض رکھے گا، جس کے دل میں نفاق ہوگا (افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 237، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، لاہور)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

21۔ درود حاجت

فضیلت = جو شخص اس درود شریف کو ہر روز 100 مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی 100 حاجتیں پوری فرمائے گا۔ ان میں سے 30 دنیا میں پوری ہوں گی (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 244، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ

☆☆☆

22۔ درود مسرت

فضیلت = حضرت سعید بن عطار علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جو شخص صبح اور شام تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو اس کے گناہ گرا دیئے جائیں گے اور اس کی خطائیں مٹا دی جائیں گی۔ ہمیشہ مسرت کی زندگی بسر کرے گا اور اس کی دعائیں قبول ہوں گی اور دشمن پر غالب رہے گا (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 245، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

23۔ درود راحت

فضیلت = شرح المنہاج دمیری علیہ الرحمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ شیخ ابو عبداللہ بن نعمان علیہ الرحمہ نے خواب میں سید عالم ﷺ کی 100 مرتبہ زیارت کی۔ آخری دفعہ عرض کی۔ یارسول اللہ ﷺ آپ پر کون سا درود شریف پڑھنا افضل ہے تو سید عالم ﷺ نے یہی درود پڑھنے کا حکم دیا۔

(بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 258، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

☆☆☆

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِیْ مَلَاتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَ عَیْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَسْرُوْرًا مُؤَیَّدًا مَنْصُوْراً وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ تَسْلِیْماً وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِكَ

24۔درود رضائے الٰہی

فضیلت = حضرت امام محی الدین عرف جنید یمنی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ جو شخص اس درود پاک کو صبح اور شام دس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی رضائے اکبر کا مستحق ہوا اور اس کی ناراضگی سے مامون رہے اور اس پر رحمت متواتر اترتی رہے اور ہر قسم کی برائیوں سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے اور تمام کام آسانی سے سرانجام ہوں (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 82)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالسَّابِقِ بِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِیْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَضٰی مِنْ خَلْقِكَ وَ مَنْ بَقِیَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ مِنْ شَقِیَ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَ تُحِیْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَاغَایَةَ لَهَا وَلَا

مُنْتَهٰى وَلَا اِنْقَضَاءَ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِثْلَ ذٰلِكَ

25۔درودنورذاتی

فضیلت = سیدی احمد صاوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ یہ درود شریف سیدی ابوالحسن شاذلی علیہ الرحمہ کا ہے اور 500 مرتبہ پڑھنے سے سختی اور تنگی دور ہو جاتی ہے (فضائل درود، ص 207، مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ، فیصل آباد)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ وَالسِّرِّ السَّارِيْ فِيْ سَائِرِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ

26۔درود اولوالعزم

فضیلت = اس درود شریف کا نام اولوالعزم ہے جو اسے تین مرتبہ پڑھے گا تو گویا اس نے دلائل الخیرات ساری ختم کی ہے (افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 129)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ آدَمَ وَنُوْحٍ وَاِبْرَاهِيْمَ وَ مُوْسٰى وَ عِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ

مِنَ النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ صَلَوَاتُ اللهِ وَ سَلَامُهُ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ

27۔ درود ردِّ فتنہ

حضرت ابن عابدین شامی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ دمشق میں ایک فتنہ عظیمہ برپا ہوا۔ میں نے یہ درود شریف پڑھنا شروع کیا۔ ابھی 200 کی مقدار ہی پڑھا ہوگا، کہ ایک شخص نے آ کر کہا کہ فتنہ ختم ہو گیا ہے (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 154)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِي أَدْرِكْنِي يَا رَسُوْلَ اللهِ.

28۔ درود حضرت موسیٰ علیہ السلام

فضیلت = حضرت شیخ الہاروشی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب ''کنوز الاسرار'' میں ان الفاظ کی فضیلت کی شرح کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب وہ فضل وکرم دیکھا جو اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ کی اُمّت کے لئے تیار رکھا ہے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے بھی ان میں شامل فرمادے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا کہ حضرت محمد مصطفی ﷺ پر درود بھیجیں۔ انہوں نے بایں الفاظ مذکورہ درود شریف بھیجا۔

جو کوئی چاہے کہ اسے نبی پاک ﷺ کی قربت نصیب ہوجائے، حضور ﷺ کی خصوصی توجہ حاصل ہوجائے، پروردگار عالم جل جلالہ، اسم محمد ﷺ کے طفیل اس کا مقام و مرتبہ بلند

کردے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے درود موسوی پڑھنے پر مداومت کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ وَ مَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَ جَمَالِ الْکَوْنَیْنِ وَ شَرَفِ الدَّارَیْنِ وَسَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ قَوْسَیْنِ ○

29۔ درود اہلبیت

حدیث شریف = حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ ہمارے گھرانے پر درود پڑھتے وقت ثواب کا پورا پیمانہ لے تو یہ درود شریف پڑھے (ابوداؤد)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

30۔ نبی پاک ﷺ کا محبوب بننے کیلئے

فضیلت = علامہ سخاوی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اس درود کا ایک بار پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ درود پڑھنے کے برابر ہے اور جو شخص اس کو کثرت سے پڑھتا ہے، وہ دربار رسالت میں محبوب

ہو جاتا ہے (جامع الصلوٰت،ص 9)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَھُوَ لَھَا اَھْلٌ

31۔ بے چینی و بے قراری کے خاتمے کیلئے

فضیلت = جو شخص مشکل حالات اور دشوار معاملات میں گھرا ہو، وہ روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس درود پاک کو پڑھے (جامع الصلوٰت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَاَجْرِ صَلٰوۃَ اَھْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِیْنَ عَلَیْہِ وَاَجْرِیَا مَوْلَانَا لُطْفَكَ الْخَفِیِّ فِیْ اَمْرِیْ وَاَرِنِیْ سِرَّ جَمِیْلِ صُنْعِكَ فِیْمَا اٰمُلُہٗ مِنْكَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ

32۔ چالیس مرتبہ دلائل الخیرات پڑھنے کا ثواب

فضیلت = جو کوئی چالیس مرتبہ ''دلائل الخیرات شریف'' پڑھنے کا ثواب حاصل کرنا چاہتا ہو وہ ایک مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ لے (افضل الصلوٰت)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ

وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ عَدَدَ مَافِيْ عِلْمِكَ صَلٰوةً دَائِمَةً

بِدَوَامِ مُلْكِ اللهِ

33۔درودِ شفاء

فضیلت = درود شفاء گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس مریض پر دم کریں، شفا ہو پیٹ کے امراض میں پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ اختناق الرحم، بائی گولہ و دیگر ریاحی امراض اور درد میں ہیرا ہینگ پر دم کر کے گیہوں برابر ایک چمچہ گرم پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ بے ہوش مریض کی ناک میں بھی دو قطرے ڈالیں، فوراً ہوش آ جائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِيَآئِهَا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَآئِمًا اَبَدًا

34۔خواب میں نبی پاک ﷺ کی زیارت کا تحفہ

صاحب تفسیر نبوی حضرت علامہ مولانا محمد نبی بخش حلوائی علیہ الرحمہ اپنی کتاب شفاء القلوب کے صفحہ نمبر 177 (مطبوعہ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور) پر فرماتے ہیں کہ ہم ایک درود پاک اپنے تجربہ کی بناء پر لکھ رہے ہیں۔ یہ درود پاک کثرت سے پڑھنے سے حضور اکرم نور مجسم ﷺ خواب

میں اپنا دیدار مرحمت فرماتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔

35۔اَسّی سال کے گناہ معاف

فضیلت = حضرت سہل بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا جوکوئی جمعہ کے دن عصر کے بعد 80 مرتبہ یہ درود پڑھے۔اللہ تعالیٰ اس کے 80 سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔(بحوالہ:القول البدیع،ص 196)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

36۔درود ہزارہ

فضیلت = اگر کوئی مومن ''درود ہزارہ'' 1000 مرتبہ پڑھ لے اور اسے پاک مٹی کے ڈلے یا پتھر پر پھونک کر چنبل یا اس قسم کے لاعلاج پھوڑے پر لگادے تو درود پاک کی برکت سے اسے شفا حاصل ہوگی۔اس میں صاف عقیدہ ویقین اور اجازت ضروری چیزیں ہیں۔وہ درود یہ ہے۔(بحوالہ: شفاء القلوب،ص 284،مطبوعہ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ،لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ۔

37۔درود حاجت

فضیلت = اس درود پاک کو پڑھنے والے پر سرور کائنات ﷺ دل وجان سے راضی ہوں گے، وہ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوگا۔ اسے دنیا کی نعمتوں کی کمی نہیں رہے گی۔ (بحوالہ: شفاء القلوب، ص279، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَھُوَ لَکَ اَھْلٌ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

38۔درود پاک امام شافعی علیہ الرحمہ

فضیلت = حضرت امام شافعی علیہ الرحمہ کے وصال کے بعد آپ کے کسی دوست نے آپ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیسا معاملہ فرمایا۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی رحمت نے مجھے نجات دے دی۔ مجھے نئی دلہن کی طرح بٹھایا گیا۔ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں نے میرے سر پر لعل و جواہر کی بارش کردی اور مجھے بتایا گیا کہ میں کثرت سے درود و سلام پڑھا کرتا تھا، یہ اس کا انعام ہے۔ وہ درود پاک ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ اس درود پاک کو پڑھنے سے دس ہزار درود پاک پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

(بحوالہ: شفاء القلوب، ص288، مطبوعہ گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَکَرَہٗ

الذَّاکِرُوْنَ وَعَدَدَ مَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

39۔درودنجات وباء

فضیلت: ایک دفعہ مولانا شمس الدین علیہ الرحمہ کے وطن میں ایک وباء پھوٹ پڑی۔ بہت سی اموات واقع ہوئیں۔ ایک رات انہیں سرکار دوعالم ﷺ کی زیارت ہوئی۔ آپ نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہاتھ باندھ کرعرض کی۔ یارسول اللہ ﷺ اس علاقہ میں وباء پھیل گئی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا۔ اگر یہ درود میری ذات پر پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ علاقہ بھر کو وباء سے محفوظ رکھے گا (بحوالہ: شفاء القلوب، ص223، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّ شِفَاءٍ

40۔روزی میں برکت کے لئے

فضیلت= صاحب تفسیر روح البیان علامہ اسماعیل حقی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ اس درود پاک کے پڑھنے سے مال ودولت میں برکت ہوتی ہے۔ ''حصن حصین'' میں اس درود پاک کو بڑی برکتوں اور رحمتوں والا قرار دیا گیا ہے (بحوالہ: شفاء القلوب، ص228، مطبوعہ گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ٥

☆☆☆

41۔ درود کرامت

فضیلت = جو شخص مندرجہ ذیل درود شریف 1111 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے گا، اس پر آگ اثر نہیں کرے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْخَلَائِقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَ شَفِیْعِ الْاُمَّتِ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

42۔ درود قلبی

فضیلت = اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی ہر ایک دعا قبول ہو اور ہر جائز حاجت اس کی مرضی کے مطابق پوری ہو تو اس کے لئے یہ ایک لاجواب درود شریف ہے۔ اس کو چاہئے کہ ہر ایک دعا میں اس کو پڑھے۔ ان شاء اللہ اس درود شریف کی برکت سے اس کی ہر دعا قبول ہو گی۔

درود قلبی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قلب کو منور کرتا ہے اور دل کو روشن خاص طور پر جب بھی دعا میں پڑھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دعا یقینا قبول ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِیْبِ ظَاھِرِنَا وَ بَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

43۔درود دفع نسیان

فضیلت= اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول جانے کی بیماری ہو تو وہ مغرب اور عشاء کے درمیان اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ حافظہ قوی ہو جائے گا۔ (افضل الصلوٰت علی سید السادات،ص 191)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْكَامِلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَ عَدَدَ كَمَالِهٖ

44۔درود سعادت

فضیلت= بزرگوں نے فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ (جمعہ اور جمعرات کی درمیانی رات) اس درود شریف کو پابندی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا۔موت کے وقت سرور کائنات ﷺ کی زیارت کرے گا اور قبر میں داخل ہوتے وقت بھی، یہاں تک کہ وہ دیکھے گا کہ سرور کائنات ﷺ اسے قبر میں اپنے رحمت بھرے ہاتھوں سے اتار رہے ہیں (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات،ص 151)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

45۔ درود مغفرت

فضیلت = حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدار کائنات ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ درود پاک پڑھے، اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے (افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 230، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

46۔ درود رحمت

فضیلت = جو یہ درود پاک پڑھتا ہے تو اس پر رحمت کے 70 دروازے کھول دیئے جاتے ہیں (بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 236، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

47۔ ایک ہزار دن کی نیکیاں

فضیلت = حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول پاک صاحبِ

لولاک ﷺ نے فرمایا۔اس درود کو پڑھنے والے کے لئے 70 فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھتے ہیں۔(بحوالہ: مجمع الزوائد، جلداول، حدیث 17305، ص 254)

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا سَیِّدِنَا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ

(افضل الصلوات علی سید السادات، ص 241، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

48۔درود سعادت

فضیلت = حضرت احمد صاوی علیہ الرحمہ بعض بزرگوں سے نقل کرتے ہیں۔ اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھنے سے 6 لاکھ درود شریف پڑھنے کا ثواب حاصل ہوتا ہے

(بحوالہ: افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 149)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ صَلَاۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

49۔درود قرب مصطفی ﷺ

فضیلت = ایک دن ایک شخص آیا تو سرور کائنات ﷺ نے اسے اپنے اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے درمیان بٹھالیا۔اس سے صحابہ کرام علیہم الرضوان کو تعجب ہوا کہ یہ کون ذی مرتبہ ہے! وہ جب چلا گیا تو حضور اکرم نور مجسم ﷺ نے فرمایا۔ جب یہ مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو یوں پڑھتا ہے(بحوالہ: القول البدیع، ص 125)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ

50۔ درودرضویہ

فضیلت = یہ درود شریف ہر نماز کے بعد خصوصا بعد نماز جمعہ مدینۂ منورہ کی جانب منہ کر کے 100 مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں

(بحوالہ: الوظیفۃ الکریمہ، ص 40)

صَلَّ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

☆☆☆

51۔ درودنعمت

فضیلت = اس درود پاک کو پڑھنے سے دین ودنیا کی بے شمار نعمتیں حاصل ہوں گی

(افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 151)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَاِفْضَالِهٖ

52۔ درودشفاعت

فضیلت = نبی رحمت شفیع اُمّت ﷺ کا فرمان ہے۔ جو شخص یوں درود پاک پڑھے۔ اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوجاتی ہے

(بحوالہ: الترغیب والترہیب، جلد 2، ص 329، حدیث 31)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

53۔درود تلاوت

فضیلت=قرآن کریم کی تلاوت کے بعد جوشخص اس درود پاک کو پڑھے گا۔وہ دنیا و آخرت میں سرخرو رہے گا۔

(بحوالہ:تفسیر روح البیان،الاحزاب آیت 56،جلد 7،ص 234)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَافِی جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

54۔گیارہ ہزار درود کا ثواب

فضیلت=حضرت امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ نے فرمایا۔اس درود پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّهُوَ لَهَا اَهْلٌ

55۔ چودہ ہزار درود کا ثواب

فضیلت = اس درود شریف کو صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درود پاک کا ثواب ملتا ہے۔(بحوالہ: افضل الصلوٰت علیٰ سید السادات، ص 150)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللّٰہِ وَ کَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ

☆☆☆

56۔ ایک لاکھ درود پاک کا ثواب

فضیلت = اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھا جائے تو ایک لاکھ مرتبہ درود پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ نیز اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ درود پاک پانچ سو مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی (بحوالہ: افضل الصلوٰت علیٰ سید السادات، ص 113)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیِّ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِیْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ

57۔ آب کوثر سے بھرا پیالہ

فضیلت = حضرت حسن بصری علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حوض کوثر سے بھرا پیالہ پینا

چاہیے، وہ اس درود پاک کو پڑھے (بحوالہ: القول البدیع، ص 122، افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص 255، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَّ اَصْحَابِہٖ وَ اَوْلَادِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیّٰتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ اَصْھَارِہٖ وَ اَنْصَارِہٖ وَ اَشْیَاعِہٖ وَ مُحِبِّیْہٖ وَ اُمَّتِہٖ وَ عَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

58۔ درود صدقہ

فضیلت = نبی پاک ﷺ نے فرمایا جس شخص کو تنگ دستی کی وجہ سے صدقہ کرنے کی طاقت نہیں ہے، وہ یہ درود پاک پڑھے، اسے اتنا ثواب ملے گا کہ جنت میں داخل ہونے تک اس کا ثواب ختم نہیں ہوگا۔ (بحوالہ: شفاء القلوب مطبوعہ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ لاہور، ص 182)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ○

59۔ درود تطہیر

فضیلت = ویلمی نے ایک روایت میں اس درود پاک کی فضیلت لکھتے ہوئے بیان کیا ہے

کہ جمعہ کے روز بعد از عصر 80 مرتبہ درود پڑھا جائے تو قلب کی صفائی ہو جاتی ہے۔ 80 سال تک اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول ہوتا رہتا ہے، اس درود پاک کو امام سخاوی علیہ الرحمہ نے اپنی کتاب میں نقل کیا ہے (بحوالہ: شفاء القلوب، ص 184، مطبوعہ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ، لاہور)

☆☆☆

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

60۔ درود برکت

فضیلت = سیدی غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا، اس کا دل روشن ہو جائے گا اور سینہ کھل جائے گا اور دینی و دنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔ اس کے نزدیک کوئی دکھ اور مصیبت نہیں آئے گی۔ (بحوالہ: شفاء القلوب، ص 218، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تَحِلُّ بِھَا الْعُقَدُ فَیَکْشِفُ بِھَا الْکُرَبُ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَكَ رِضَاءً وَّلِحَقِّہٖ اَدَاءً وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

61۔ دشمن سے حفاظت کے لئے

فضیلت = اگر کوئی دشمن تکلیف دے رہا ہو تو مظلوم کو چاہئے کہ یہ درود پاک جمعرات کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ ہر تسبیح کے بعد 3 بار دعا کرے۔ یاد رہے کہ اس دعا کے دوران دشمن کی شکل کا تصور ذہن میں رکھے تو دشمن اپنے مذموم ارادوں میں ناکام رہے گا۔ اس کام کو چاند کے آخری ایام میں ہفتے یا منگل کے روز سے بھی شروع کر سکتا ہے اور متواتر اس دن تک پڑھتا رہے جب تک دشمن تائب نہیں ہو جاتا۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ یَارَسُوْلَ اللہِ اَسْتَجِیْرُ بِكَ

(بن فلاں ابن فلانتہ یہاں دشمن کا اور اس کی والدہ کا نام لے)

فَخُذْ اِلٰی حَقِّیْ مِنْہُ

(بحوالہ: شفاء القلوب، ص 220، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، لاہور)

☆☆☆

62۔ آنکھوں کی روشنی کیلئے

فضیلت = آنکھوں میں سرمہ ڈالتے وقت مندرجہ ذیل درود پاک پڑھنے سے آنکھیں روشن رہتی ہیں اور تمام بیماریوں سے محفوظ رہتی ہیں (بحوالہ: شفاء القلوب، ص 221، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٌ طِبُّ الْقُلُوْبِ وَدَوَاءُهَا

☆☆☆

63۔منہ کی بدبوزائل کرنے کا طریقہ

فضیلت = ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھ لیجئے۔ بدبودار چیزیں کھانے سے منہ بھی جو بدبو پیدا ہوجاتی، اسے زائل کرنے کا مجرب نسخہ ہے

(بحوالہ: افضل الصلوٰۃ، ص182)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

64۔سختیوں کے دوران پڑھنے والا درود

فضیلت = صاحب تفسیر نبوی حضرت علامہ مولانا محمد نبی بخش حلوائی علیہ الرحمہ اپنی کتاب شفاء القلوب مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور کے صفحہ نمبر 325 پر فرماتے ہیں کہ مصائب اور سختیوں کے دوران یہ درود پاک نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحَۃِ الطَّیِّبِ الطَّاھِرِیْنَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی آلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ○

65۔کان میں درد سے نجات کیلئے درود

فضیلت = نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اگر کسی کے کان میں گرانی (یا درد) ہو تو یہ درود پڑھے۔ اس کے ثواب اور اجر کے علاوہ بیماری سے نجات مل جائے گی۔ آپ نے فرمایا۔ اگر تمام سمندروں کا پانی سیاہی بنا دیا جائے اور تمام درختوں کی ٹہنیوں کو قلموں میں تبدیل کر دیا جائے اور اللہ تعالیٰ کے بے شمار بندے لکھنے بیٹھ جائیں تو پھر بھی اس درود کا اجر نہیں لکھ سکیں گے (بحوالہ: شفاء القلوب، ص 330، مطبوعہ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ٥

66۔ درود مشکل کشاء

فضیلت = صاحب تفسیر نبوی حضرت علامہ مولانا محمد نبی بخش حلوائی علیہ الرحمہ اپنی کتاب شفاء القلوب کے صفحہ نمبر 330 مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور پر فرماتے ہیں کہ مندرجہ ذیل درود شریف مشکل کشاء کہلاتا ہے۔ اسے پڑھنے سے غم واندوہ کی تمام مشکلیں حل ہو جاتی ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ صَلٰوۃً اَھْلَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ عَلَیْہِ وَاَجْرِیَا مَوْلَانَا بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ فِیْ اَمْرِیْ

☆☆☆

67۔ بلڈ پریشر اور دل کی گھبراہٹ دور کرنے کیلئے

فضیلت = جو شخص سختی اور پریشانی میں مبتلا ہو، اسے چاہئے کہ یہ درود شریف پڑھے اور کثرت کے ساتھ اس کا ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی پریشانی دور فرما دے گا۔ بعض اکابر نے فرمایا کہ بلڈ پریشر اور دل کی گھبراہٹ کے لئے فجر اور شام کی نماز کے بعد 71 مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکے اور پانی پر دم کر کے پیئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ

☆☆☆

68۔ حضور ﷺ کی زیارت کرنے کا نسخہ

فضیلت = جو شخص اس درود شریف کو پڑھنے کی پابندی کرے اس کو سرکار اعظم ﷺ کی زیارت و ملاقات نصیب ہو گی (بحوالہ: سعادۃ الدارین، ص 443)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

☆☆☆

69۔مجلس پاک کی حضوری کیلئے درود شریف

فضیلت = قطب زمانہ حضرت سید حسن رسول نما، اویس ثانی نارنولی علیہ الرحمہ اس درود شریف کی وجہ سے سرکار کائنات ﷺ کی مجلس پاک کے حضوری تھے اور آپ جس کو یہ درود شریف پڑھنے کے لئے بتا دیتے تھے، اس کو بھی حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوجاتی تھی (بحوالہ: تقدیم افضل الصلوٰت علی سید السادات، ص22، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

70۔نہار منہ پانی پینا جسم کی طاقت کو کم کرتا ہے

حدیث شریف = امام طبرانی علیہ الرحمہ طبرانی شریف میں حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: نہار منہ پانی پینا جسم کی طاقت کو کم کرتا ہے۔ (بحوالہ: انوارِ محمدیہ، مصنف: امام یوسف بن اسماعیل نبہانی علیہ الرحمہ، صفحہ نمبر 510، مطبوعہ مکتبہ نبویہ لاہور، پنجاب)

نوٹ: اگر نہار منہ پیاس لگے تو کچھ کھجور یا کوئی چیز کھا کر پانی پی سکتے ہیں۔

71۔ ہر حاجت پوری ہونے کا یہ وظیفہ

حدیث شریف = حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک نابینا شخص نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے شفا عطا فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ چاہو تو صبر کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔ اس نے عرض کیا۔ دعا فرما دیجئے۔ آپ ﷺ نے اسے اچھی طرح وضو کرنے اور دو رکعت نماز پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا یہ دعا مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ، یَا مُحَمَّدُ (یَارَسُوْلَ اللہ) اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّھْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیَ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ

(ابن ماجہ، جلد اول، حدیث 1443 ص 396 مطبوعہ فرید بک لاہور)

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیرے نبی رحمت کے وسیلہ سے حاضر ہوں۔ اے محمد ﷺ! میں اپنے رب کی بارگاہ میں اپنی حاجت روائی کے لئے آپ کو وسیلہ بناتا ہوں اے اللہ ﷻ میرے حق میں آپ کی شفاعت قبول فرما۔

امام ابن ماجہ رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد لکھا کہ امام ابو اسحاق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

ف = اس حدیث سے واضح ہو گیا کہ ''یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' کہنے کی تعلیم خود رسول پاک ﷺ نے دی۔ یا محمد ﷺ یہ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے لئے ہے۔ ہمارے لئے ''یا رسول اللہ ﷺ'' کہنے کا حکم ہے۔ اگر یا رسول اللہ ﷺ کہنا ناجائز ہوتا تو حضور ﷺ سائل کو کبھی اس کی تعلیم نہ دیتے۔

☆ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ابھی مجلس برخاست نہ ہوئی اور نہ ہی زیادہ دیر ہوئی تھی حَتّٰی دَخَلَ الرَّجُلُ، كَاَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بِهٖ ضَرٌّ قَطُّ (وہ شخص آیا گویا کبھی وہ نابینا تھا ہی نہیں) (بحوالہ: عمل الیوم واللیلۃ، باب مایقول من ذہب بصرہ، حدیث 233)

☆ مشہور محدث امام احمد رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ترمذی کے مطابق نقل کی

فَفَعَلَ الرَّجُلُ فَبَرِئَ (اس نابینا نے اس طرح عمل کیا تو اسے شفا نصیب ہوگئی)

(بحوالہ: مسند احمد جلد چہارم، ص 134)

☆ امام حاکم علیہ الرحمہ فرماتے ہیں هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

(یہ روایت امام بخاری و مسلم کی شرائط کے مطابق صحیح ہے)

(بحوالہ: المستدرک، کتاب صلاۃ التطوع، ص 1180)

☆ امام ابوزکریا یحییٰ بن شرف نووی علیہ الرحمہ (متوفی 676ھ) نے باب اذکار صلاۃ الحاجۃ کے تحت اسے امام ترمذی اور امام ابن ماجہ رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے نقل کیا اور لکھا

قَالَ التِّرْمَذِيُّ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ (امام ترمذی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے)

(بحوالہ: کتاب الاذکار ص 216)

یہ واقعہ متعدد کتب حدیث میں موجود ہے جن کے نام یہ ہیں۔ 1۔ المعجم الصغیر للطبرانی 2۔ دلائل النبوۃ للبیہقی 3۔ الترغیب والترہیب للمنذری، 4۔ مجمع الزوائد للہیثمی 5۔ المستدرک للحاکم 6۔ مسند احمد

☆امام سلیمان بن احمد طبرانی رضی اللہ عنہ (متوفی 360ھ) اپنی سند کے ساتھ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ ایک شخص اپنے کسی کام کے لئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس جاتا تھا لیکن حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس کی طرف متوجہ نہ ہوتے اور نہ اس کے کسی کام کی طرف دھیان دیتے۔ ایک دن اس کی ملاقات مجھ سے ہوئی تو اس نے معاملہ بتایا تو میں نے اس سے کہا وضو کر کے مسجد میں دو رکعت نماز ادا کرو اور یوں دعا کرو۔ اے اللہ جل جلالہٗ میں تجھ سے مانگتا ہوں' اپنے نبی رحمت محمد (ﷺ) کی طرف متوجہ ہو رہا ہوں تا کہ وہ میری حاجت پوری فرما دے۔

پھر اپنی حاجت کا تذکرہ کرو اور میرے پاس آؤ تا کہ میں تمہارے ساتھ جاؤں' اس شخص نے جا کر میرے بتائے ہوئے طریقہ پر اس عمل کو کیا پھر وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس چلا گیا۔ دربان نے ان کا دروازہ کھول دیا اور انہیں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنی مسند پر ساتھ بٹھایا اور پوچھا تمہارا کیا کام ہے؟ اس نے اپنا کام بتایا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس کا کام کر دیا اور فرمایا۔ اس وقت تک مجھے آپ کا کام یاد نہ رہا' جب بھی کام ہو' میرے پاس آ جایا کرو۔

پھر اس شخص کی ملاقات حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ میرے کام کی طرف متوجہ نہ ہوتے تھے اور نہ ہی اس معاملہ کی طرف غور کرتے تھے حتیٰ کہ آپ نے ان کے ہاں میری سفارش کی۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ خدا تعالیٰ کی قسم! میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے تمہاری کوئی سفارش نہیں کی۔ ہاں ہم ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے' آپ ﷺ کے پاس ایک نابینا آیا اور اس نے اپنے نابینا پن کے بارے میں عرض کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا صبر کر سکتے ہو؟ اس نے عرض کی ''یارسول اللہ ﷺ! میرا کوئی معاون نہیں اور میرے لئے بڑی مشکل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا وضو خانے جاؤ' وضو کرو پھر دو رکعت نماز پڑھو پھر ان کلمات سے دعا کرو۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ابھی ہم مجلس سے الگ ہوئے نہ تھے اور نہ ہی طویل گفتگو ہوئی تھی کہ وہ نابینا شخص آ گیا کہ پہلے نابینا ہی نہ تھا۔

امام طبرانی رضی اللہ عنہ نے نقل کر کے لکھا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ (یہ حدیث صحیح ہے) (بحوالہ: المعجم الکبیر جلد اول' ص 183)